Presented by: Rana Jabir Abbas

13

# اسلامی علوم کا تعارف

## اصول فقہ

آیت اللہ شہید استاد مرتضیٰ مطہریؒ

jabir.abbas@yahoo.com

شہید مطہری فاونڈیشن

www.shaheedmutahhari.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں۔


| | |
|---|---|
| نام کتاب | علم الاصول |
| مصنف | شہید آیت اللہ مرتضیٰ مطہریؒ |
| مترجم | سید محمد عسکری |
| سیٹنگ | قلب علی سیال |
| کمپوزنگ | الحمد گرافکس لاہور (0333-4031233) |
| ناشر | شہید مطہری فاؤنڈیشن |
| تاریخ اشاعت | 2014ء |
| طبع | اوّل |
| قیمت | |

ملنے کا پتہ

معراج کمپنی

LG-3 بیسمنٹ میاں مارکیٹ غزنی سٹریٹ اُردو بازار لاہور۔

فون: 0321-4971214/0423-7361214




بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# عرض ناشر

''شہید مطہری فاؤنڈیشن'' دینی مواد کی اشاعت کے سلسلہ میں نیا ادارہ تشکیل دیا گیا ہے۔ادارے کا مطمعِ نظر عوام کو بہتر اور سستے ترین انداز میں دینی مواد بذریعہ کتب اور انٹرنیٹ فراہم کرنے کا پروگرام ہے۔اللہ تعالیٰ ادارہ ھذا کو اس عظیم کام کی انجام دہی کیلئے بھرپور وسائل عطا فرمائے۔

زیرِ نظر کتاب ''علم الاصول'' شہید آیت اللہ مرتضیٰ مطہریؒ کی سعیٔ جمیل کا نتیجہ ہے۔بارہا قرآن مجید اور رسول اکرمؐ و آئمہ اطہارؑ کی احادیث میں دین کے بارے میں ''تفقہ'' کا حکم دیا گیا ہے۔ان آیات و احادیث سے یہی ثابت ہوتا ہے کہ اسلامی نقطۂ نظر سے مسلمانوں پر فرض ہے کہ وہ اسلام کو اس کے تمام شعبوں میں پوری گہرائی اور بھرپور بصیرت کے ساتھ سمجھیں۔کتابِ ھذا میں اسی طرح کی بحثیں ہیں قارئین حضرات اس سے استفادہ کریں۔

ادارہ ھذا نے اس کتاب کے موضوعات کو مختلف ایرانی ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ کیا ہے۔کتاب کو پاکستان کی عوام کے پسندیدہ خط،فونٹ اور انداز میں پیش کیا جارہا ہے۔اللہ تعالیٰ نیٹ پر اَپ لوڈ کرنے والوں کی توفیقاتِ خیر میں اضافہ فرمائے۔اُمید ہے آپ ادارہ ہذا کی اس کوشش کو بھی قدر کی نگاہ سے دیکھیں گے۔-------------------------والسلام

شہید مطہری فاؤنڈیشن

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



# فہرست مضامین


| | |
|---|---|
| سبق نمبر ۱ | 7 |
| علم اصول کے کلیات | 7 |
| مقدمہ | 7 |
| اصول فقہ | 10 |
| سبق نمبر ۲ | 13 |
| فقہ کے مصادر | 13 |
| قرآن | 14 |
| سنت | 16 |
| اجماع | 18 |
| عقل | 20 |
| سبق نمبر ۳ | 21 |
| مختصر تاریخ | 21 |
| سبق نمبر ۴ | 28 |
| علم اصول کے مسائل | 28 |
| ظواہر کتاب کی حجیت | 29 |
| سنت کے ظواہر | 31 |
| خبر واحد | 32 |
| تعادل وتراجیح | 32 |





| | |
|---|---|
| سبق نمبر ۵ | 35 |
| کتاب وسنت کے مشترکہ مسائل | 35 |
| بحث اوامر | 36 |
| بحث نواہی | 37 |
| بحث عام وخاص | 38 |
| مطلق ومقید | 40 |
| مفاہیم | 41 |
| مجمل ومبین | 42 |
| ناسخ ومنسوخ | 42 |
| سبق نمبر ۶ | 44 |
| اجماع وعقل | 44 |
| اجماع محصل اوراجماع منقول | 45 |
| عقل | 46 |
| سبق نمبر ۷ | 53 |
| عملی اصول | 53 |
| چار عملی اصول | 54 |


www.ziaraat.com
jabir.abbas@yahoo.com
Sabeel-e-Sakina
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ



www.ziaraat.com
jabir.abbas@yahoo.com
Sabeel-e-Sakina

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



# سبق نمبر۱

# علم اصول کے کلیات

## مقدمہ

ہمارے اس سبق کا موضوع ''علم اصول'' کے کلیات ہیں۔ فقہ اور اصول دو ایسے علم ہیں جو ایک دوسرے سے وابستہ ہیں۔ آئندہ صفحات میں یہ بات واضح ہو جائے گی کہ ان کا ایک دوسرے سے ارتباط اور وابستگی ویسی ہی ہے جیسی وابستگی منطق و فلسفہ کے درمیان پائی جاتی ہے۔ چونکہ علم اصول، ''علم فقہ'' کے مقدمہ کی حیثیت رکھتا ہے۔ اسی لیے اسے ''اصول فقہ'' یعنی فقہ کی بنیاد اور جڑ کہتے ہیں۔

پہلے ان دونوں علموں کی مختصر تعریف بیان کر دینا ضروری ہے۔

لغت میں ''فقہ'' کے معنی فہم اور سمجھنا ہیں، البتہ عمیق فہم۔ کائنات کے مسائل کے بارے میں ہمارے معلومات و اطلاعات دو قسم کے ہوتے ہیں۔ بعض اوقات ہمارے اطلاعات سطحی ہوتے ہیں اور بعض اوقات عمیق ہوتے ہیں۔ ایک اقتصادی مثال ملاحظہ ہو۔ ہم ہمیشہ یہ دیکھتے رہتے ہیں کہ بہت سی چیزیں چند برس پہلے موجود نہ تھیں آج بازار میں موجود ہیں اور اسی کے برعکس بہت سی چیزیں پہلے



پائی جاتی تھیں لیکن اب دستیاب نہیں ہیں۔ کچھ چیزوں کی قیمت میں روز بروز اضافہ ہوتا جا رہا ہے اور بعض چیزوں کی قیمتیں اپنی جگہ پر ٹھہری ہوئی ہیں۔

یہ اطلاعات جنہیں ہر شخص حاصل کر سکتا ہے، سطحی اطلاعات ہیں لیکن ان ہی مسائل کے بارے میں بعض لوگ عمیق اطلاع رکھتے ہیں۔ ظاہری سطح سے گزر کر مسائل کی گہرائی میں اترتے ہیں اور یہ وہ لوگ ہوتے ہیں جو ان مسائل کی جڑ تک پہنچ چکے ہوتے ہیں یعنی انہیں یہ معلوم ہوتا ہے کہ فلاں چیز کی فراوانی یا فلاں سامان کی کمیابی کا سبب کیا ہے، اشیاء کی گرانی یا ارزانی کے پیچھے کون سے اسباب کارفرما ہیں؟ قیمتوں میں اضافہ کی وجہ کیا ہے۔ یہ اسباب وعلل کس قدر ضروری و ناگزیر ہیں اور کس حد تک ان کی روک تھام کی جا سکتی ہے۔

اگر اقتصادی مسائل میں کسی کے اطلاعات اس حد کو پہنچ جائیں کہ سطحی مشاہدات سے گزر کر مسائل کی گہرائی میں اتر جائیں تو اسے اقتصادی مسائل میں ''متفقہ'' کہا جائے گا۔

بارہا قرآن مجید اور رسول اکرمؐ و آئمہ اطہارؑ کی احادیث میں دین کے بارے میں ''تفقہ'' کا حکم دیا گیا ہے۔ ان آیات و احادیث سے یہی ثابت ہوتا ہے کہ اسلامی نقطۂ نظر سے مسلمانوں پر فرض ہے کہ وہ اسلام کو اس کے تمام شعبوں میں پوری گہرائی اور بھرپور بصیرت کے ساتھ سمجھیں۔ دین کے بارے میں ''تفقہ'' کا اسلامی نظریہ کسی خاص شعبہ سے مخصوص نہیں ہے بلکہ وہ اسلام کے تمام شعبوں کا احاطہ کیے ہوئے ہے چاہے اس کا تعلق عقائد اور اسلامی تصور کائنات سے ہو یا اخلاقیات و تربیت اسلامی سے۔ یا اسلامی سماجیات، اسلامی

www.ziaraat.com
jabir.abbas@yahoo.com
Sabeel-e-Sakina
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



عبادات ، اسلامی شہری قوانین اور فردی و اجتماعی زندگی میں اسلام کے مخصوص آداب و رسوم سے ہو۔لیکن دوسری ہجری کے بعد سے مسلمانوں کے درمیان لفظ ''فقہ'' ایک مخصوص اصطلاح بن گیا اور خاص شعبہ سے مخصوص ہوگیا جسے ''فقہ الاسلام'' یا ''فقہ الاستنباط'' کا نام دیا جاسکتا ہے اور اس سے مراد 'متعلقہ مصادر و ماخذ کی روشنی میں اسلام کے عملی احکام وقوانین کا عمیق استنباط اور پوری گہرائی کے ساتھ انہیں سمجھنا'' ہے۔

اسلامی احکام وقوانین پیش آنے والے تمام مسائل اور رونما ہونے والے تمام واقعات کے بارے میں پورے جزئیات اور تفصیلات کے ساتھ بیان نہیں ہوئے ہیں۔یعنی ایسا نہیں ہے کہ جو جو مسائل انسان کو پیش آنے والے ہیں ان کی ہر ہر فرد اور ہر ہر واقعہ کا حکم اسلام نے بیان کر دیا ہو اور ایسا ممکن بھی نہیں ہے کیونکہ حادثات و واقعات کی شکلیں مختلف و لامتناہی ہیں۔ اسلام نے ان تمام مسائل و واقعات کے احکام وقوانین کچھ اصول،کلیات اور قواعد کی شکل میں بیان کر دیئے ہیں۔

جب فقیہ کسی جزئی حادثہ یا مسئلہ کا حکم بیان کرنا چاہتا ہے تو اس کے لیے ضروری ہوتا ہے کہ وہ ان معتبر مصادر و مآخذ کی طرف رجوع کرے جنھیں ہم آئندہ ذکر کریں گے اور تمام پہلوؤں کو مدنظر رکھتے ہوئے اپنا نظریہ پیش کرے۔یہی وجہ ہے کہ فقاہت،عمیق،گہرے اور بھرپور فہم وادراک کے ہمراہ ہوتی ہے۔

فقہا،فقہ کی تعریف کرتے وقت یہ عبارت پیش کرتے ہیں:

هو العلم بالاحكام الشرعية الفرعية عن



ادلتها التفصيلية

شریعت اسلام کے فرعی احکام (یعنی اعتقادی و تربیتی احکام نہیں بلکہ صرف عملی احکام) کا اس کے تفصیلی دلائل و مصادر (جنہیں ہم بعد میں بیان کریں گے) کے ہمراہ جاننا فقہ ہے۔

## اصول فقہ

ایک فقیہ کے لیے بطور مقدمہ، بہت سے علوم میں مہارت حاصل کرنا ضروری ہے اور وہ علوم یہ ہیں:

۱۔عربی ادب: یعنی نحو،صرف،لغت،معانی،بیان،بدیع۔کیونکہ قرآن و حدیث عربی زبان میں ہیں اور عربی زبان و ادب میں (کم از کم رائج حد تک) مہارت حاصل کیے بغیر قرآن و حدیث سے استفادہ ناممکن ہے۔

۲۔تفسیر قرآن: چونکہ قرآن مجید فقہ کا ایک اہم مصدر ہے اور فقیہ اس کی طرف رجوع کرنے پر مجبور ہے۔لہٰذا فقیہ کے لیے تفسیری علوم سے اجمالی واقفیت ضروری ہے۔

۳۔منطق: جس علم میں استدلال سے کام لیا جاتا ہے وہ منطق کا محتاج ہوتا ہے۔لہٰذا فقیہ کو بھی کم وبیش علم منطق سے آشنا ہونا چاہیے۔

۴۔علم حدیث: فقیہ کو حدیث شناسی اور اقسام حدیث سے واقف نیز مشق وممارست کی کثرت کے باعث حدیث کی زبان سے آشنا ہونا چاہیے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



۵۔علم رجال: یعنی راویوں کی شناخت ہم بعد میں یہ بتائیں گے کہ حدیث کی کتابوں میں درج ہر حدیث کو آنکھ بند کر کے قبول نہیں کیا جا سکتا بلکہ ان کی چھان بین ضروری ہے اور علم رجال احادیث کی اسناد (راویوں) کی جانچ پڑتال ہی کے لیے ہے۔

۶۔علم اصول فقہ: وہ اہم ترین علم جسے فقہ کے مقدمہ کے طور پر حاصل کرنا ضروری ہے۔علم اصول فقہ ہے۔ یہ دلچسپ علم مسلمانوں کے ایجاد کردہ علوم کا ایک حصہ ہے۔علم اصول، درحقیقت، دستور استنباط کا علم ہے۔ یہ علم ہمیں فقہ میں فقہی مصادر کے ذریعہ استنباط کا صحیح طریقہ سکھاتا ہے۔ اسی لیے علم منطق کی طرح، علم اصول بھی ایک ''دستوری'' علم ہے اور وہ ''علم'' سے زیادہ ''فن'' سے قریب ہے یعنی اس علم میں کچھ ''ہونا چاہیے'' سے بحث و گفتگو کی جاتی ہے نہ کہ ''ہے'' کے بارے میں۔

بعضوں کا خیال ہے کہ علم فقہ میں علم اصول کے مسائل اسی طرح سے استعمال کیے جاتے ہیں جیسے ایک علم کے قیاسات کے دونوں مقدمے (مبادی) اس علم میں استعمال کیے جاتے ہیں اسی بنیاد پر وہ کہتے ہیں علم اصول کے مسائل و نتائج علم فقہ کے 'کبریٰ' ہیں۔

لیکن یہ نظریہ صحیح نہیں ہے جس طرح منطق کے مسائل، فلسفہ کے لیے ''کبریٰ'' نہیں بنتے اسی طرح اصول کے مسائل بھی فقہ کے لیے ''کبریٰ'' نہیں ہیں۔ یہ ایک طویل بحث ہے جسے یہاں بیان کرنے کا موقع نہیں ہے۔

چونکہ ممکن ہے کہ فقہی مصادر و آخذ کی طرف کچھ خاص طریقوں سے



رجوع کیا جائے اور اس کا نتیجہ غلط استنباطوں کی شکل میں نکلے جو حقیقت اور شارع اسلام کے واقعی نظریہ کے برخلاف ہو۔ لہٰذا ضرورت اس بات کی ہے کہ ایک خاص علم میں یقینی و قطعی نقلی و عقلی دلیلوں کے ذریعہ یہ تحقیق کی جائے کہ فقہی مصادر و آخذ سے استفادہ اور اسلامی احکام کے استنباط کا صحیح طریقہ کیا ہے؟ علم اصول اسی جہت کو بیان کرتا ہے۔

صدر اسلام ہی سے مسلمانوں کے درمیان ایک دوسرا لفظ بھی رائج رہا ہے جو تقریباً لفظ ''فقہ'' ہی کا معنی دیتا ہے۔ وہ لفظ ''اجتہاد'' ہے۔

آج ہمارے یہاں ''فقیہ'' اور ''مجتہد'' دونوں ایک یہ معنے میں استعمال ہوتے ہیں۔ لفظ ''اجتہاد'' کا مادہ ''جہد'' (جیم پر پیش) ہے۔ جس کا مطلب انتھک کوشش ہے۔ فقیہ کو مجتہد اس لیے کہتے ہیں کہ اسے احکام و قوانین کے استنباط میں بھرپور اور انتھک کوشش کرنی چاہیے۔

لفظ ''استنباط'' بھی تقریباً اجتہاد و فقہ کا معنے دیتا ہے، یہ لفظ مادہ ''نبط'' سے مشتق ہوا ہے جس کا معنی زمین کے نیچے سے پانی نکالنا ہے، گویا فقہا نے احکام کے استنباط میں اپنی سعی و کوشش کو کنواں کھودنے والوں کے کام سے تشبیہ دی ہے کہ وہ مختلف تہوں کے نیچے سے احکام کا آب زلال نکالتے ہیں۔

www.ziaraat.com
jabir.abbas@yahoo.com
Sabeel-e-Sakina

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



# سبق نمبر ۲

## فقہ کے مصادر

پہلے سبق میں ہم یہ سمجھ چکے ہیں کہ علم اصول فقہ ہمیں فقہ کے اصلی مصادر کے ذریعہ شرعی احکام کے استنباط کا صحیح طور وطریقہ سکھاتا ہے۔اب ہمارے لیے یہ جاننا ضروری ہے کہ یہ مصادر کیا ہیں اور کتنے ہیں؟ اور کیا تمام اسلامی مذاہب ان مصادر کے متعلق، ہر جہت سے اتفاق نظر رکھتے ہیں یا ان کے درمیان اختلاف پایا جاتا ہے؟ ہم پہلے فقہ کے مصادر کے بارے میں شیعہ علماء وفقہا کا نظریہ پیش کریں گے اور پھر ان مصادر کی تشریح و وضاحت کرتے ہوئے دوسرے اسلامی مذاہب کے علماء کے نظریات بھی ضمناً بیان کریں گے۔

شیعہ علماء کی نظر میں (اخباری نامی ایک چھوٹے سے گروہ کے سوا جس کے بارے میں ہم بعد میں وضاحت دیں گے) فقہ کے مصادر چار ہیں:

۱۔ خدا کی کتاب، قرآن مجید (اب اس کے بعد علم اصول کے ماہرین اور فقہاء کی تعبیر کے مطابق اختصار سے کام لیتے ہوئے ہم بھی اسے صرف ''کتاب'' کے نام سے یاد کریں گے۔

۲۔ سنت، یعنی پیغمبرؐ وامامؑ کا قول، فعل اور تقریر (تائید)۔



۳۔ اجماع۔

۴۔ عقل۔

فقہاء اور اصولیوں (علم اصول کے ماہرین) کی زبان میں یہ چار مصادر ''ادلہ اربعہ'' کے نام سے یاد کیے جاتے ہیں۔عام طور سے یہ کہا جاتا ہے کہ علم اصول، ادلہ اربعہ کے بارے میں بحث کرتا ہے۔اب ہر ایک مصدر کی علیحدہ علیحدہ تشریح وتوضیح ضروری ہے۔اسی کے ذیل میں دیگر اسلامی مذاہب اور شیعہ اخباریوں کے نقطہ نظر کی وضاحت بھی ہوگی۔ہم اپنی گفتگو کا آغاز خدا کی کتاب سے کرتے ہیں۔

## قرآن

اس میں شک نہیں کہ قرآن مجید اسلامی احکام وقوانین کا اولین مصدر ہے۔البتہ قرآن مجید کی ساری آیتیں صرف عملی احکام وقوانین ہی کے بارے میں نہیں ہیں۔قرآن مجید میں سیکڑوں قسم کے مسائل سے بحث و گفتگو ہوئی ہے۔لیکن قرآن مجید کی چھ ہزار چھ سو ساٹھ آیتوں میں سے تقریباً پانچ سو آیتیں یعنی قرآن کا تقریباً ۱/۱۲ حصہ صرف عملی احکام سے مخصوص ہے۔علماء اسلام نے ان پانچ سو آیتوں کے بارے میں بہت سی کتابیں تحریر فرمائی ہیں۔

ہم شیعوں کے یہاں اس سلسلہ کی مشہور ترین کتاب ملا احمد اردبیلی کی ''آیات الاحکام'' ہے۔ملا احمد اپنے دور کے مشہور ترین زاہد، متقی اور مجتہد تھے اور آپ مقدس اردبیلی کے نام سے شہرت رکھتے ہیں۔مقدس اردبیلی دسویں صدی ہجری سے تعلق رکھتے ہیں اور شاہ عباس کبیر صفوی کے ہم عصر ہیں۔اس سلسلہ کی

jabir.abbas@yahoo.com
www.ziaraat.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



دوسری کتاب، آٹھویں صدی کے اختتام اورنویں صدی کی ابتداء کے علماء سے تعلق رکھنے والے فاضل مقداد دسیوری حلی کی ''کنزالعرفان'' ہے۔ اہل سنت نے بھی آیات الاحکام سے متعلق کتابیں تحریر کی ہیں۔

صدر اسلام ہی سے مسلمانوں کا یہ شیوہ رہا ہے کہ وہ اسلام احکام کے استنباط کے لیے سب سے پہلے قرآن مجید کی طرف رجوع کرتے ہیں لیکن ایران میں صفویوں کے ظہور کے ساتھ ہی ساتھ ایک نئی تحریک پیدا ہوئی اور ایک نیا فرقہ ابھرا جس نے عام لوگوں کے لیے قرآن سے استفادہ پر پابندی عائد کردی۔ ان کا دعویٰ تھا کہ قرآن سے صرف نبی و امام ہی کو فائدہ اٹھانے کا حق ہے اور صرف وہی اسے سمجھ سکتے ہیں۔ ان کے علاوہ تمام افراد کو صرف اخبار واحادیث کی طرف رجوع کرنا چاہیے۔

اس گروہ نے جس طرح قرآن سے استفادہ پر پابندی عائد کی اسی طرح اجماع وعقل کی طرف رجوع کو بھی جائز نہیں سمجھا۔ کیونکہ ان کا دعویٰ تھا کہ اجماع، اہل سنت کی ایجاد ہے اور عقل چونکہ جائز الخطا ہے اس لیے غلطی کا امکان ہے لہٰذا اس پر بھروسہ نہیں کیا جاسکتا۔ وہ واحد مصدر جس کی طرف رجوع کرنا چاہیے اخبار واحادیث ہیں۔ اسی لیے اس گروہ کو ''اخباری'' کہا جاتا ہے۔

یہ گروہ قران کی طرف رجوع اور عقل واجماع کی حجیت سے انکار کے ساتھ ہی ساتھ سرے سے اجتہاد ہی کا منکر ہوگیا۔ کیونکہ اجتہاد کا مطلب جیسا کہ بتایا جاچکا ہے کسی مسئلہ کو گہرائی کے ساتھ سمجھنا اور پوری توجہ کے ساتھ استنباط کرنا ہے اور ظاہر ہے کہ عقل استعمال کیے بغیر کسی چیز کو گہرائی کے ساتھ سمجھنا ناممکن ہے۔



اس گروہ نے یہ نظریہ قائم کرلیا کہ عوام کو چاہیے کہ وہ مجتہدوں کے وسیلہ کے بغیر، براہ راست خود ہی اخبار واحادیث کی طرف رجوع کریں اور اس سے حکم حاصل کریں بالکل اسی طرح جس طرح عوام رسالہ عملیہ (توضیح المسائل) سے اپنے مسائل حاصل کرتے ہیں۔

اس گروہ کے پیشوا ''امین استرآبادی'' ہیں، جن کا تذکرہ، کلیات منطق، کی بحث میں، قیاس کی اہمیت کے ذیل میں گزر چکا ہے۔ انہوں نے اپنے نظریات ''فوائدالمدنیہ'' نامی اپنی مشہور ومعروف کتاب میں بیان کیے ہیں۔ موصوف ایرانی ہیں لیکن برسوں مکہ ومدینہ میں قیام پذیر رہے ہیں۔

اخباریوں کے ظہور اور ایران کے جنوبی شہروں، خلیج فارس کے جزیروں نیز عراق کے بعض شہروں میں بہت سے لوگوں کی جانب سے اس فکر کی حمایت نے جمود وانحطاط کو جنم دیا۔ لیکن خوش قسمتی سے اعلیٰ مقام مجتہدوں کی جاں فشانی اور بھرپور مزاحمت کے باعث اخباریوں کی پیشروی ماند پڑ گئی ان کی تعداد گھٹنے لگی اور اب گوشہ وکنار میں خال خال ہی نظر آتے ہیں۔

## سنت

سنت یعنی معصوم کا قول، فعل یا تائید۔ ظاہر ہے کہ اگر پیغمبر اسلامؐ کے ارشادات میں کوئی حکم بیان ہوا ہو یا یہ ثابت ہوجائے کہ حضورؐ نے عملی طور پر کسی دینی فریضہ کو کس طرح سے انجام دیا ہے یا یہ معلوم ہوجائے کہ دوسرے افراد دینی فرائض کو ایک خاص شکل میں آپ کے سامنے انجام دیتے تھے اور آپ نے ان کی تائید فرمائی ہے۔ یعنی آپ نے اپنی خاموشی کے ذریعہ ان کے عمل کی صحت کی تصدیق فرمائی ہے تو یہ

www.zaraat.com jabir.abbas@yahoo.com Sabeel-e-Sakina

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



ایک فقیہ کے لیے ان چیزوں کو سند قرار دینے کے لیے کافی ہے۔

سنت اور اس کی حجیت کے سلسلہ میں کلی طور پر کوئی بحث نہیں ہے۔ اس کا کوئی مخالف نہیں ہے۔ سنت کے بارے میں جو اختلاف پایا جاتا ہے وہ دو جہتوں میں ہے۔ ایک یہ کہ آیا صرف پیغمبر اسلامؐ کی سنت حجت ہے، یا آئمہ معصومینؑ کی سنت بھی حجت ہے۔ اہل سنت صرف پیغمبر اسلامؐ کی سنت کو حجت مانتے ہیں لیکن ہم شیعہ، قرآن مجید کے بعض آیات اور رسول اکرمؐ کی متواتر حدیثوں کے مطابق جنہیں خود اہل سنت نے نقل کیا ہے منجملہ پیغمبر اسلامؐ کی یہ حدیث کہ: ''میں اپنے بعد تمہارے درمیان دو گراں قدر چیزیں چھوڑے جا رہا ہوں: کتاب خدا اور میری عترت، جب تک تم ان دونوں سے وابستہ رہو گے گمراہ نہ ہو گے۔ آئمہ اطہارؑ کے قول فعل اور تائید کو بھی سند جانتے ہیں۔

اختلاف کی دوسری جہت یہ ہے کہ رسول خداؐ اور آئمہ اطہارؑ سے مروی سنت، کبھی قطعی ومتواتر ہوتی ہے اور کبھی ظنی یا دوسرے لفظوں میں ''خبر واحد'' ہوتی ہے۔ اختلاف یہ ہے کہ آیا رسول خداؐ کی غیر قطعی سنتوں کی طرف بھی رجوع کیا جا سکتا ہے یا نہیں؟

یہ وہ مقام ہے جہاں نظریات افراط وتفریط کے شکار ہو گئے ہیں۔ ابوحنیفہ جیسے کچھ افراد نے تمام حدیثوں کو نظر انداز کر دیا ہے۔ کہتے ہیں ابوحنیفہ، رسول خداؐ سے مروی تمام حدیثوں میں سے صرف سترہ حدیثوں کو قابل اعتماد سمجھتے تھے۔ کچھ دوسرے لوگ ضعیف حدیثوں پر بھی بھروسہ کرتے رہے ہیں۔

لیکن شیعہ علماء کا نظریہ ہے کہ صرف صحیح اور موثق حدیثوں ہی پر اعتماد کیا



جا سکتا ہے، یعنی اگر حدیث کا راوی شیعہ اور عادل ہو یا کم از کم سچا اور بھروسہ کے لائق ہے تو اس کی روایت پر اعتماد کیا جا سکتا ہے پس حدیث کے راویوں کا پہچاننا اور ان کے بارے میں تحقیق کرنا ضروری ہے، اگر یہ ثابت ہو گیا کہ ایک حدیث کے تمام راوی سچے اور بھروسہ کے قابل ہیں تو پھر ان کی روایت پر اعتماد کرتے ہوئے عمل کریں گے۔

بہت سے سنی علماء کا بھی یہی خیال ہے۔ اسی لیے مسلمانوں کے درمیان ''علم رجال'' یعنی راوی شناسی کے علم نے جنم لیا لیکن شیعوں کے یہاں اخباریوں کا جن کا ذکر گزر چکا ہے کہنا ہے کہ حدیثوں کو صحیح، موثق اور ضعیف میں تقسیم کرنا صحیح نہیں ہے۔ ان کے خیال میں تمام حدیثیں خاص طور سے چار کتابوں (کتب اربعہ) یعنی **کافی، من لا یحضرہ الفقیہ، تہذیب الاحکام اور استبصار** میں مندرج سب حدیثیں معتبر ہیں۔ اہل سنت کے یہاں بھی بعض افراد اس قسم کے افراطی نظریات کے حامل رہے ہیں۔

## اجماع

اجماع یعنی کسی مسئلہ میں مسلمان علماء کا اتفاق نظر۔ شیعہ علماء کے نقطہ نظر سے اجماع کے حجت ومعتبر ہونے کا سبب یہ ہے کہ اگر تمام مسلمان کسی ایک مسئلہ پر متفق ہو جائیں تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ انہوں نے اسے شارع اسلام کا حکم سمجھا ہے۔ یہ ممکن نہیں ہے کہ مسلمان، خود اپنی طرف سے کسی مسئلہ پر متفق ہو جائیں۔ لہٰذا (شیعہ علماء کی نظر میں) صرف وہ اجماع حجت ہے جو پیغمبرؐ یا امامؑ کے قول کا انکشاف کرتا ہو۔

www.zaraat.com jabir.abbas@yahoo.com Sabeel-e-Sakina

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



مثلاً اگر یہ بات ثابت ہوجائے کہ کسی ایک مسئلہ میں پیغمبر اسلامؐ کے زمانہ کے تمام مسلمان بلا استثناء اتفاق نظر رکھتے تھے اور سب ایک قسم کا عمل کرتے تھے تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ انہوں نے اس مسئلہ کا حکم خود پیغمبر اکرمؐ سے حاصل کیا ہے۔ یا آئمہ اطہارؑ میں سے کسی امام کے تمام صحابی جو صرف آئمہ اطہارؑ ہی کے احکام کی پیروی کرتے تھے کسی ایک مسئلہ پر متفق ہوجائیں تو اس بات کی دلیل ہے کہ انہوں نے اس مسئلہ کو اپنے امامؑ کے دبستان ہی سے سیکھا ہے پس شیعی نقطۂ نظر سے وہ اجماع حجت ہے جس کا سرا پیغمبر اسلامؐ (یا آئمہ اطہارؑ) کے قول سے ملتا ہو۔

اس بحث سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ:

الف۔ شیعی نقطۂ نظر سے صرف پیغمبرؐ یا امامؑ کے ہم عصر علماء کا اجماع حجت ہے پس اگر آج ہمارے دور میں تمام علماء اسلام کسی ایک مسئلہ پر اجماع کرلیں تو وہ بعد کے علماء کے لیے حجت نہ ہوگا۔

ب۔ شیعی نقطۂ نظر سے، اجماع بذات خود کوئی حقیقت و اصالت نہیں رکھتا یعنی اجماع اس لیے حجت نہیں ہے کہ وہ اجماع اور اتفاق نظر ہے۔ بلکہ اس لیے حجت ہے کہ وہ پیغمبرؐ یا امامؑ کے قول کا کاشف ہے۔

لیکن سنی علماء کی نظر میں اجماع بذات خود حقیقت و اصالت رکھتا ہے یعنی اگر مسلم علماء (یا اہل حل وعقد) کسی مسئلہ پر بھی زمانہ میں (چاہے وہ ہمارا یہ زمانہ ہی کیوں نہ ہو) متفق ہوجائیں تو یقیناً ان کا فیصلہ صحیح ہے۔ ان کا دعویٰ ہے کہ یہ تو ممکن ہے کہ اس امت کے بعض افراد غلطی پر ہوں اور بعض نہ ہوں لیکن یہ ممکن نہیں کہ سب کے سب کسی غلط فیصلہ پر متفق ہوجائیں۔



## عقل

شیعوں کے نقطہ سے عقل کی حجیت کا مطلب یہ ہے کہ اگر عقل کسی مسئلہ میں قطعی و یقینی حکم دے دے تو چونکہ وہ قطعی و یقینی حکم ہے لہٰذا حجت ہے۔

یہاں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ کیا شرعی مسائل، عقلی احکام کے دائرہ میں آتے ہیں جو عقل اس کے بارے میں کوئی قطعی حکم دے سکے؟ ہم اس کا جواب اس وقت دیں گے جب علم اصول کے مسائل کے کلیات کے بارے میں تفصیل سے بحث کریں گے۔

شیعوں کا اخباری گروہ جیسا کہ پہلے بھی اشارہ ہوچکا ہے عقل کو کسی بھی حال میں حجت نہیں مانتا۔ اہل سنت کے فقہی مذاہب یعنی حنفی، شافعی، مالکی، حنبلی کے درمیان ابوحنیفہ، قیاس کو چوتھی دلیل مانتے ہیں۔ حنفیوں کی نظر میں فقہ کے مصادر چار ہیں: کتاب، سنت، اجماع، قیاس۔ قیاس وہی ہے جسے منطق میں تمثیل کہتے ہیں۔

مالکی و حنبلی خاص طور سے حنبلی حضرات، قیاس کو کوئی اہمیت نہیں دیتے، لیکن شافعی حضرات نے اپنے پیشوا محمد بن ادریس شافعی کے اتباع میں بین بین موقف اختیار کیا ہے یعنی حنفیوں سے زیادہ حدیث کو اور مالکیوں وحنبلیوں سے زیادہ قیاس کو اہمیت دیتے ہیں۔

قدیم فقہاء کی اصطلاح میں قیاس کو ''رائے'' یا ''اجتہاد بالرائے'' بھی کہا جاتا رہا ہے۔ اسلام نے جو کلیات بیان فرمائے ہیں ان تمام مسائل کا جواب موجود ہے لہٰذا شیعی نقطۂ نظر سے قیاس پر عمل کرنا ہرگز جائز نہیں ہے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



# سبق نمبر ۳

## مختصر تاریخ

وہ طالب علم جو کسی علم کو حاصل یا اس کے متعلق معلومات حاصل کرنا چاہتا ہے۔اس کے لیے ضروری ہے کہ پہلے اس علم کی پیدائش، اس علم کے موجد، اس علم میں ہونے والی تبدیلیوں، اس علم کے ماہرین، اس علم کے مشاہیر اور اس علم سے متعلق مشہور و معتبر کتابوں کی تاریخ سے واقف ہو۔

علم اصول، وہ علم ہے جس نے اسلامی ثقافت کی آغوش میں آنکھیں کھولی ہیں اور اسی کے دامن میں پروان چڑھا ہے۔مشہور یہ ہے کہ علم اصول کے موجد محمد بن ادریس شافعی ہیں۔ابن خلدون اپنے مشہور و معروف مقدمہ میں، علوم و صنائع کے باب میں لکھتے ہیں:

> وہ پہلا شخص جس نے علم اصول کے بارے میں کتاب لکھی، شافعی تھے۔موصوف نے اپنے مشہور کتاب ''الرسالہ'' کے نام سے لکھی ہے۔انہوں نے اس کتاب میں اوامر، نواہی، بیان، خبر، نسخ اور منصوص العلۃ قیاس سے بحث و گفتگو کی ہے۔ ان کے بعد حنفی علماء نے اس سلسلہ میں کتابیں تحریر کیں اور وسیع پیمانہ پر تحقیقات کا سلسلہ شروع کیا۔



لیکن جیسا کہ سید حسن صدر اعلیٰ مقامہ نے اپنی نفیس کتاب ''تاسیس الشیعۃ لعلوم الاسلام'' میں تحریر فرمایا ہے:

> اوامر، نواہی، عام، خاص وغیرہ جیسے علم اصول کے مسائل شافعی سے پہلے بھی موضوع بحث بنے ہوئے تھے اور شیعہ علماء نے ان میں سے ہر ایک کے بارے میں کتابیں لکھی ہیں۔

شاید یہ کہنا غلط نہ ہو کہ شافعی وہ پہلے شخص ہیں جس نے اپنے زمانہ میں درپیش اصول کے تمام مسائل کے بارہ میں ایک جامع رسالہ تحریر کیا ہے۔

بعض مستشرقوں کا خیال ہے کہ شیعوں کے یہاں اجتہاد، سنیوں کے دو سو سال بعد پیدا ہوا ہے کیونکہ آئمہ اطہارؑ کے زمانہ میں شیعوں کو اجتہاد کی ضرورت ہی نہ تھی۔ چنانچہ انہیں اجتہاد کے مقدمات کی بھی ضرورت نہ تھی لیکن یہ نظریہ کسی طرح بھی صحیح نہیں ہے۔

اجتہاد نے اپنے صحیح معنے میں یعنی اصول کی طرف فروع کی بازگشت اور فروع پر اصول کی مطابقت شیعوں کے درمیان آئمہ اطہارؑ کے زمانہ ہی سے رائج رہا ہے۔آئمہ اطہارؑ اپنے اصحاب کو تفریع واجتہاد کا حکم دیا کرتے تھے۔[1]

البتہ اس میں شک نہیں ہے کہ مختلف مسائل و موضوعات میں آئمہ اطہارؑ

[1] اس سلسلہ میں مزید وضاحت کے لیے ''مکتب تشیع'' کے تیسرے شمارہ میں شہید مطہری کے مقالہ ''اجتہاد و اسلام'' اور ''ہزارہ شیخ طوسی'' کی دوسری جلد میں موصوف ہی کے مقالہ ''الہامی از شیخ الطائفہ'' کا مطالعہ فرمائیں۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



سے منقول روایتوں کی کثرت کے باعث شیعہ فقہ کا دامن مالا مال ہو گیا ہے اور اسے اجتہادی کوششوں کی کم تر ہی ضرورت پیش آئی ہے۔ لیکن اس کے باوجود شیعہ اپنے کو فقہ و اجتہاد سے بے نیاز نہیں سمجھتے تھے آئمہ اطہارؑ خاص طور سے اپنے اکابر صحابہ کو اجتہادی کوششوں کا حکم دیتے تھے۔

ہماری معتبر کتابوں میں آئمہ اطہارؑ کا یہ قول موجود ہے:

**علینا القاء الاصول و علیکم ان تفرعوا**

ہمارا فریضہ اصول و کلیات بیان کرنا ہے اور ان اصول و کلیات کو فروع و جزئیات پر منطبق کرنا تمہارا فریضہ ہے۔

شیعہ علماء میں وہ پہلی اہم اور برجستہ شخصیت جس نے علم اصول میں کتابیں تالیف کیں اور اصول میں ان کے نظریات صدیوں تک بحث و گفتگو کا موضوع بنے رہے، سید مرتضیٰ علم الہدیٰ کی ذات ہے۔ سید مرتضیٰ نے علم اصول میں بہت سے کتابیں تحریر کی ہیں۔ ان کی مشہور ترین کتاب ''الذریعہ'' ہے۔

سید مرتضیٰ، نہج البلاغہ کو جمع کرنے والے سید رضی کے بھائی ہیں، سید مرتضیٰ چوتھی صدی ہجری کے اختتام اور پانچویں صدی ہجری کے آغاز سے تعلق رکھتے ہیں۔ آپ نے ۴۳۶ھ میں وفات پائی ہے۔ سید مرتضیٰ مشہور شیعہ متکلم شیخ مفید (وفات ۴۱۳ھ) کے شاگرد ہیں۔ شیخ مفید، شیخ صدوق ابن بابویہ (وفات ۳۸۱ھ) کے شاگرد ہیں۔ شیخ صدوق، شہر رے میں دفن ہیں۔

سید مرتضیٰ کے بعد وہ مشہور و معروف شخصیت جس نے علم اصول کے بارے میں کتاب لکھی اور ان کے نظریات تین چار صدی تک غیر معمولی طور پر



چھائے رہے، شیخ ابو جعفر طوسی (وفات ۴۶۰ھ) ہیں۔

شیخ طوسی، سید مرتضیٰ کے شاگرد ہیں۔ کچھ عرصہ شیخ مفید کے سامنے بھی زانوئے ادب تہ کیا ہے۔ ایک ہزار سال سے زائد قدیمی، نجف اشرف کا حوزہ علمیہ اسی عظیم شخصیت کے ہاتھوں تاسیس ہوا ہے۔ شیخ طوسی کی اصولی کتاب کا نام ''عدۃ الاصول ہے''۔

ایک دوسری شخصیت جس کے نظریات، علم اصول میں مشہور ہوئے صاحب ''معالم الاصول'' ہیں۔ آپ کا نام شیخ حسن ہے اور صاحب ''شرح لمعہ'' شہید ثانی کے فرزند ہیں۔

''معالم'' علم اصول کی مشہور کتابوں میں شمار ہوتی ہے اور آج بھی دینی علوم کے طالب علموں کے نصاب میں شامل ہے۔ صاحب معالم نے ۱۰۱۱ھ میں وفات پائی ہے۔

اس سلسلے کی ایک اور اہم شخصیت، وحید بہبہانی مرحوم کی ذات والا صفات ہے۔ آپ نے ۱۱۱۸ھ میں آنکھ کھولی اور ۱۲۰۸ھ میں اس دنیا سے رخصت ہو گئے۔

وحید بہبہانی مرحوم کی ایک اہمیت یہ ہے کہ آپ نے ذوق اجتہاد و فقاہت سے معمور بہت سے شاگردوں کی تربیت کی ہے۔ جیسے سید مہدی بحر العلوم، شیخ جعفر کاشف الغطا، میرزا ابو القاسم گیلانی المعروف بہ میرزای قمی وغیرہ۔ دوسری اہمیت یہ ہے کہ آپ نے اخباریوں کے خلاف بڑا سخت اور پیہم علمی جہاد کیا ہے۔ آپ کے زمانہ میں اخباریوں کا بڑا اثر و رسوخ تھا لیکن آپ کی

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



کوششوں سے انہیں منھ کی کھانی پڑی۔ اخباریت پر فقاہت و اجتہاد کی کامیابی بڑی حد تک وحید بہبہانی کی کوششوں اور محنتوں کی رہین منت ہے۔

ایک اور شخصیت جس نے علم اصول کو آگے بڑھایا میرزا ابوالقاسم گیلانی قمی مرحوم ہیں۔ موصوف وحید بہبہانی کے شاگرد اور فتح علی شاہ قاچار کے ہم عصر ہیں۔ آپ غیر معمولی عزت واحترام کے مالک تھے۔ ''قوانین الاصول'' جو برسوں دینی مدرسوں کے نصاب تعلیم کا جز رہی ہے اور آج بھی مورد استفادہ ہے۔ اسی عظیم شخصیت کا ایک کارنامہ ہے۔

اس آخری صدی میں وہ اہم ترین شخصیت جس کے سامنے سب کے چراغ ماند پڑ گئے اور اس نے علم اصول کو ایک نئے مرحلہ میں داخل کر دیا۔ وہ استاد المتاخرین حاج شیخ مرتضیٰ انصاری ہیں۔

اس عظیم شخص نے ۱۲۱۴ھ میں شہر دزفول میں آنکھ کھولی۔ اسلامی علوم کی ابتدائی تعلیم اور ایک حد تک فقہ واصول پڑھنے کے بعد صاحب نظر علماء کی تلاش میں عراق و ایران کے مختلف شہروں کا سفر کیا اور ان علماء سے استفادہ کیا اور آخر کار نجف اشرف میں قیام پذیر ہوگئے۔ ۱۲۶۶ھ میں صاحب جواہر کی وفات کے بعد، شیعوں کی مرجعیت و زعامت کا منصب آپ کو سونپ دیا گیا۔ ۱۲۸۱ھ میں وفات پائی۔ آپ کے افکار ونظریات آج بھی بحث و گفتگو میں مرکزی حیثیت کے حامل ہیں۔

آپ کے بعد آنے والے تمام علماء آپ ہی کے دبستان کے پیرو ہیں۔ ابھی تک کوئی ایسا دبستان وجود میں نہیں آیا ہے جو آپ کے مکتب فکر کو مکمل طور پر



دگرگوں کر سکے۔ لیکن آپ کے دبستان کے شاگردوں نے آپ ہی کے مکتب فکر کی بنیاد پر کچھ ایسے نظریات پیش کیے ہیں جن سے بعض اوقات آپ کے نظریات ٹوٹتے نظر آتے ہیں۔ شیخ انصاری کی دو مشہور کتابیں ہیں، ایک علم اصول میں ہے جس کا نام ''فرائد الاصول'' ہے اور دوسری فقہ میں ''مکاسب'' ہے۔ یہ دونوں کتابیں آج بھی دینی علوم کے مدرسوں میں (اعلیٰ درجوں کے لیے) درسی کتابوں کا حصہ ہیں۔

شیخ انصاری کے مکتب کے شاگردوں میں سب سے زیادہ مشہور ومعروف صاحب ''کفایۃ الاصول'' آخوند ملا محمد کاظم خراسانی ہیں۔ آخوند خراسانی مرحوم کے افکار ونظریات دینی مدرسوں میں ہمیشہ موضوع بحث رہتے ہیں۔

یہ عظیم شخص وہی ہے جس نے مشروطیت کا فتویٰ دیا اور ایران میں نظام مشروطہ کی برقراری میں ان کا بہت بڑا حصہ ہے۔ تاریخ مشروطہ سے مربوط کتابوں میں آپ کا نام ہمیشہ لیا جاتا ہے۔ آپ نے ۱۳۲۹ھ میں وفات پائی۔

آخوند خراسانی مرحوم کے بعد بھی علم اصول میں اچھے خاصے نئے نئے افکار ونظریات وجود میں آئے ہیں اور بعض نظریات تو غیر معمولی تحقیق و دقت نظر کے حامل ہیں۔

اسلامی علوم کے درمیان کسی بھی علم میں اتنی ردو بدل نہیں ہوئی ہے جتنی علم اصول میں تبدیلی آتی رہی ہے اور آج بھی ایسی نمایاں شخصیتیں موجود ہیں جو اس علم میں صاحب نظر مانی جاتی ہیں۔

علم اصول، چونکہ علمی و ذہنی محاسبات سے سروکار رکھتا ہے اور اس میں

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



تحقیق وجستجو بہت زیادہ ہوتی ہے،لہٰذا یہ ایک شیریں ودلچسپ علم ہے اور طالب علم کے ذہن کو اپنی طرف مائل کرتا ہے۔علم اصول،فکری ورزش اور ذہن کی مشق کے لحاظ سے فلسفہ ومنطق کی صف میں شمار ہوتا ہے۔علوم قدیمہ کے طلبا اپنی فکر ونظر کی گہرائی کے سلسلہ میں اسی علم اصول کے رہین منت ہیں۔



## سبق نمبر ۴

# علم اصول کے مسائل

ہم یہاں علم اصول کے مسائل سے محترم وعزیز طالب علموں کی آگاہی کے لیے کچھ کلیات ذکر کررہے ہیں لیکن اصولیوں کے یہاں رائج ترتیب کی پیروی نہیں کریں گے بلکہ ان مطالب کو ایک نئی ترتیب کے ساتھ جسے ہم خود بہتر سمجھتے ہیں پیش کریں گے۔

ہم پہلے بھی یہ بتا چکے ہیں کہ علم اصول ایک دستوری علم ہے۔یعنی یہ علم ہمیں اصلی مصادر سے احکام کے صحیح استنباط کا طریقہ سکھاتا ہے۔لہٰذا علم اصول کے تمام مسائل ان ہی چار مصادر سے مربوط ہیں جنہیں گزشتہ دروس میں بیان کیا جاچکا ہے۔ چنانچہ علم اصول کے مسائل یا کتاب (قرآن) سے مربوط ہیں یا سنت (حدیث) سے یا دونوں سے یا اجماع سے اور یا عقل سے تعلق رکھتے ہیں۔

اب میں یہ عرض کروں گا کہ ممکن ہے کہ ہمارے سامنے کچھ ایسے مقامات بھی آجائیں جن کے اسلامی احکام کو ہم ان چار مصادر میں سے کسی کے ذریعہ استنباط نہ کرسکیں،یعنی استنباط کی راہیں ہمارے لیے مسدود ہوں۔شارع اسلام نے اس مقام پر بھی خاموشی اختیار نہیں کی ہے اور کچھ عملی قواعد وفرائض ہمارے لیے مقرر

www.ziaraat.com
jabir.abbas@yahoo.com
Sabeel-e-Sakina

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



کیے ہیں جنہیں ہم حکم ظاہری کے نام سے یاد کر سکتے ہیں۔

حکم واقعی کے استنباط سے مایوسی کے بعد عملی و ظاہری فریضہ کے حاصل کرنے کے سلسلہ میں بھی ہم ان قواعد سے استفادہ کے طور طریقے اور اصول و دستور سیکھنے کے محتاج ہیں۔

لہٰذا علم اصول جو ایک ''دستوری علم'' ہے اس کی دو قسمیں ہیں۔ایک قسم، متعلقہ مصادر سے واقعی شرعی احکام کے صحیح استنباط کے دستور سے تعلق رکھتی ہے اور دوسری قسم، واقعی احکام کے استنباط سے مایوسی کی صورت میں کچھ قواعد سے صحیح استفادہ کے اصول و دستور سے تعلق رکھتی ہے۔ہم پہلی قسم کو ''استنباطی اصول'' اور دوسری قسم کو ''عملی اصول'' کا نام دے سکتے ہیں اور چونکہ استنباطی اصول یا کتاب یا سنت یا اجماع یا عقل کے ذریعہ استنباط سے تعلق رکھتے ہیں لہٰذا استنباطی اصول کے مسائل چار بحثوں میں تقسیم ہوں گے۔ہم اپنی بحث کا آغاز کتاب (قرآن) سے کر رہے ہیں۔

## ظواہر کتاب کی حجیت

علم اصول میں قرآن سے مخصوص بحثیں کچھ زیادہ نہیں ہیں۔قرآن سے متعلق اکثر بحثیں کتاب و سنت کے درمیان مشترک ہیں۔وہ واحد بحث جو صرف اور صرف قرآن سے تعلق رکھتی ہے۔''ظواہر کی حجیت'' کی بحث ہے یعنی قرآن کا ظاہر اس سے قطع نظر کہ کسی حدیث کے ذریعہ اس کی تفسیر ہوئی ہو حجت ہے یا نہیں؟ اور فقیہ اسے سند قرار دے سکتا ہے یا نہیں؟

بظاہر یہ بات بڑی عجیب نظر آتی ہے کہ اصولیوں نے یہ بحث کیوں چھیڑی



ہے کیا یہ بھی کوئی شک و شبہ کا مقام ہے کہ فقیہ، آیات قرآن کے ظواہر کو سند بنا سکتا ہے یا نہیں؟

شیعہ اصولوں نے یہ بحث اخباریوں کے اعتراضات کا جواب دینے کی غرض سے چھیڑی ہے جیسا کہ ہم پہلے بھی عرض کر چکے ہیں اخباریوں کا خیال ہے کہ معصومینؑ کے سوا کسی کو قرآن سے استفادہ و استنباط کا حق نہیں ہے۔دوسرے لفظوں میں مسلمانوں کو قرآن سے ہمیشہ بالواسطہ یعنی اہل بیتؑ کی احادیث و روایات کے ذریعہ مستفید ہونا چاہیے۔

اخباری اس سلسلہ میں ان احادیث کو دلیل بناتے ہیں جن میں ''تفسیر بالرائے'' سے روکا گیا ہے۔اخباریوں کا دعویٰ ہے کہ ہر آیت کا معنی حدیث سے پوچھنا چاہیے۔بالفرض اگر کسی آیت کا ظاہر کسی بات پر دلالت کرتا ہو لیکن حدیث اس کے برخلاف مفہوم پر دلالت کرتی ہو تو ہمیں چاہیے کہ حدیث کے مفہوم کو اپنا لیں اور یہ کہہ دیں کہ آیت کا واقعی معنی ہمیں نہیں معلوم۔اس طرح احادیث و روایات، قرآنی آیات کے لیے معیار اور کسوٹی ہیں۔

لیکن اصولیوں نے یہ ثابت کیا ہے کہ مسلمان، قرآن مجید سے براہ راست استفادہ کا حق رکھتے ہیں جس تفسیر بالرائے سے منع کیا گیا اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ لوگوں کو اپنی فکر و نظر کے ذریعہ قرآن کا معنی سمجھنے کا حق نہیں ہے بلکہ مقصد یہ ہے کہ قرآن کو اپنی نفسانی خواہشات اور ذاتی اغراض و مقاصد کی بنیاد پر تفسیر نہیں کرنا چاہیے۔

اصولیوں کا کہنا ہے کہ خود قرآن واضح الفاظ میں لوگوں کو حکم دیتا ہے کہ وہ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



قرآن میں ''تدبر'' کریں اوراس کے بلند مفاہیم میں اپنے طائرفکرکوقوت پروازعطا کریں۔پس لوگوں کو یہ حق حاصل ہے کہ اپنی طاقت وتوانائی بھرقرآنی آیات کی بنیادوں کوخود براہ راست حاصل کریں اوراس کے مطابق عمل کریں۔

اس کے علاوہ متواتر روایتوں میں ہے کہ پیغمبراکرمؐ اورآئمہ اطہارؑ ان جعلی وخودساختہ حدیثوں سے بے حدرنجیدہ ہوتے تھے جوان کے نام سے مشہور ہوتی تھیں چنانچہ ان جعلی حدیثوں کی روک تھام کے لیے انہوں نے انہیں ''قرآن کے سامنے پیش کرنے'' کا اصول وضع کیا اورفرمایا:

> جب بھی ہم سے منسوب کوئی حدیث تمہارے سامنے آئے،اسے قرآن کے روبروپیش کرو،اگرحدیث قرآن کے خلاف ہوتویقین کرلوکہ وہ ہماری حدیث نہیں ہے اور اسے دیوارپردے مارو۔

اس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اخباریوں کے دعوے کے برخلاف، احادیث قرآن کے لیے معیارومقیاس نہیں ہیں بلکہ خودقرآن،احادیث وروایات کی کسوٹی ہے۔

## سنت کے ظواہر

ظواہرسنت کی حجیت کے بارے میں کسی نے کوئی بحث نہیں کی ہے۔لیکن سنت جس سے مراد وہ احادیث وروایات ہیں جوپیغمبرؐ یاامامؑ کے قول،فعل یاتقریرکی حکایت کرتے ہیں۔اس کے سلسلہ میں بھی دواہم باتیں پائی جاتی ہیں جن کے متعلق



اصولی علماء بحث وگفتگوکرتے ہیں۔

ایک خبرواحدکی حجیت کا مسئلہ ہے اوردوسرا،احادیث وآیات کے ٹکراؤ کا معاملہ ہے۔اسی لیے علم اصول میں دواہم اوروسیع فصلوں کا اضافہ ہوا ہے ایک ''خبرواحد'' کے نام سے اوردوسری ''تعادل وتراجیح'' کے عنوان سے۔

## خبرواحد

خبرواحدیعنی وہ روایت جوپیغمبرؐ یاامامؑ سے نقل ہوئی ہولیکن اس کا راوی صرف ایک شخص ہو یا چندافراد ہوں لیکن وہ تواتر کی حدتک نہ پہنچی ہویعنی وہ اس مرحلہ میں نہ ہوکہ یقین کا باعث بن سکے۔کیااس طرح کی روایتوں کواستنباط کی بنیادقرار دیا جاسکتا ہے یا نہیں؟

اصولیوں کا نظریہ ہے کہ اگرراوی عادل ہوں یاکم ازکم ان کی صداقت کا یقین ہوتوان کی نقل کردہ روایتوں کوسند بنایا جاسکتا ہے۔اس دعوے کے سلسلہ میں اصولیوں کی ایک دلیل آیت ''نبا'' ہے جس میں ارشادہوتا ہے:ان جائکم فاسق بنباء فتبینوا۔ یعنی اگرکوئی فاسق تمہیں کوئی خبردے تو اس کے بارے میں تحقیق کرو،تحقیق کیے بغیراس پرعمل نہ کرو۔آیت کا مفہوم یہ ہے کہ اگر خبر دینے والا عادل اورلائق اعتماد ہوتواس کی خبرپر(تحقیق کیے بغیر)عمل کرو۔پس اس آیت کا مفہوم،خبرواحدکی حجیت کی دلیل ہے۔

## تعادل وتراجیح

اب رہا احادیث روایات کے ٹکراؤ کا مسئلہ تو اکثرایسا ہوتا ہے کہ کسی ایک

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



مسئلہ میں اخبارو روایات ایک دوسرے سے ٹکرا جاتے ہیں، مثلاً نماز پنجگانہ کی تیسری اور چوتھی رکعات میں تسبیحات اربعہ تین بار پڑھی جانی چاہیے یا ایک ہی مرتبہ کافی ہے۔ بعض روایتوں سے ثابت ہوتا ہے کہ تین مرتبہ پڑھنا ضروری ہے اور ایک روایت یہ بتاتی ہے کہ ایک ہی مرتبہ کافی ہے یا یہ مسئلہ کہ انسانی فضلہ کی کھاد بیچنا جائز ہے یا نہیں۔ اس سلسلہ میں بھی روایتیں مختلف ہیں۔

اس قسم کی روایتوں کے سلسلہ میں کیا کرنا چاہیے؟ آیا یہ کہہ دیں کہ **اذا تعارضا تساقطا** یعنی ٹکراؤ کی صورت میں دونوں سے دست بردار ہو جائیں۔ گویا کوئی روایت ہی موجود نہیں ہے؟ یا ہمیں اختیار پر عمل کرتے ہوئے جو روایت احتیاط کے مطابق ہو اسے قبول کر لیں۔ (تسبیحات اربعہ کے مسئلہ میں اس روایت پر عمل کریں جو تین دفعہ پڑھنا ضروری سمجھتی ہے اور انسانی فضلہ کی کھاد کی خرید و فروخت کے مسئلہ میں اس روایت پر عمل کریں جو اسے جائز نہیں سمجھتی) یا اس کے علاوہ کوئی اور راستہ بھی ہے؟

اصولی علما ثابت کرتے ہیں کہ پہلے جہاں تک ہو سکے مختلف روایتوں کو جمع کیا جائے (یعنی ممکنہ اور معقول تاویلوں کے ذریعہ ان کے تضاد کو برطرف کیا جائے) **الجمع مهما امكن اولى من الطرح** جہاں تک ہو سکے روایتوں کو جمع کرنا ان کے ٹھکرانے سے بہتر ہے۔ اگر ان کے درمیان اجتماع امکان پذیر نہ ہو تو یہ دیکھنا چاہیے کہ ان میں سے کوئی ایک دوسرے پر کسی اعتبار سے (مثلاً سند کے اعتبار سے) یا علما کے درمیان مشہور ہونے کے اعتبار سے یا تقیہ کے مخالف ہونے کے اعتبار سے) ترجیح رکھتی ہے یا نہیں؟



اگر کوئی روایت ترجیح رکھتی ہے تو اسی روایت کو اپنا لیں گے اور دوسری کو ٹھکرا دیں گے اور اگر دونوں ہر اعتبار سے مساوی ہوں اور ان میں کسی قسم کی کوئی ترجیح نہ پائی جاتی ہو تو ہمیں اختیار ہے کہ جس روایت پر چاہیں عمل کریں۔

خود حدیثوں میں بھی یہ بات موجود ہے کہ اگر دو حدیثیں آپس میں ٹکرا جائیں تو ہمیں کیا کرنا چاہیے۔ وہ روایتیں جو حدیثوں کے ٹکراؤ کی مشکل حل کرنے کا طریقہ ہمیں سکھاتی ہیں وہی ہیں جو ''علاجیہ اخبار'' کے نام سے یاد کی جاتی ہیں۔

اصولیوں نے اخبار و روایات کے ٹکراؤ کے سلسلہ میں اپنا نظریہ ان ہی ''اخبار علاجیہ'' کی بنیاد پر پیش کیا ہے۔ اصولیوں نے اس باب کا نام جو اس مسئلہ کے متعلق بحث و گفتگو کرتا ہے **تعادل و تراجیح** رکھا ہے۔

تعادل یعنی مساوات و برابری۔ تراجیح، ترجیح کی جمع ہے اور اس کا معنی ترجیحات ہے یعنی وہ باب جس میں متعارض روایتوں کے ہم پلہ ہونے یا ایک دوسرے پر ترجیح رکھنے کے سلسلہ میں بحث و گفتگو کی جاتی ہے۔

مذکورہ گفتگو سے یہ بات واضح ہو گئی کہ حجیت ظواہر کا تعلق قرآن مجید سے ہے اور خبر واحد کی حجیت نیز دلیلوں کے ٹکراؤ کا مسئلہ سنت سے مربوط ہے۔ علم اصول میں کچھ مسائل ایسے بھی ہیں جو کتاب و سنت کے درمیان مشترک ہیں۔ یہاں ہم ان کے بارے میں بحث و گفتگو شروع کرتے ہیں۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



## سبق نمبر ۵

# کتاب وسنت کے مشترکہ مسائل

ہم نے گزشتہ درس میں کچھ اصولی مسائل کی اشارہ کیا، جن کا تعلق ''کتاب'' کے امتیازات یا ''سنت'' کے مختصات سے تھا۔ دوسرے درس کے آخر میں ہم نے یہ بھی کہا تھا کہ کچھ اصولی مسائل کا تعلق کتاب سے بھی ہے اور سنت سے بھی۔ اس درس میں ہم انہی مشترک مسائل پر گفتگو کریں گے جنہیں ''مباحث مشترک'' قرار دینا زیادہ بہتر ہے۔

یہ مشترک مسائل حسب ذیل ہیں:

الف۔ بحث اوامر

ب۔ بحث نواہی

ج۔ بحث عام وخاص

د۔ بحث مطلق ومقید

ھ۔ بحث مفاہیم

و۔ بحث مجمل ومبین

ز۔ بحث ناسخ ومنسوخ



اب ہم ان میں سے ہر ایک کے بارے میں اصطلاحات سے واقفیت کی حد تک مختصر وضاحت کرتے ہیں۔

## بحث اوامر

اوامر، امر کی جمع ہے۔ امر یعنی فرمان۔ عربی زبان اور تمام زبانوں میں جو افعال پائے جاتے ہیں۔ ان میں سے ایک ''فعل'' امر بھی ہے۔ مثلاً فارسی میں ''بدان'' (اردو میں ''جان لو'') عربی میں ''اِعْلَم'' فعل مراد ہے۔

قرآن وسنت کی بہت سی تعبیریں فعل امر کی شکل میں ہیں۔ یہاں فقیہ کے سامنے بہت سے سوالات پیدا ہوتے ہیں جن کا جواب اصولیوں کو دینا ہے۔ مثلاً یہ سوال کہ آیا امر وجوب پر دلالت کرتا ہے یا استحباب پر یا نہ وجوب پر نہ استحباب پر؟ امر فوریت پر دلالت کرتا ہے یا (تراخی) تاخیر پر؟ امر، صرف ایک دفعہ فعل کے انجام دیئے جانے پر دلالت کرتا ہے یا بار بار کیے جانے پر؟

مثلاً اس آیت شریفہ میں ہے:

خُذْ مِنْ اَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ وَتُزَكِّيْهِمْ بِهَا وَصَلِّ عَلَيْهِمْ ؕ اِنَّ صَلٰوتَكَ سَكَنٌ لَّهُمْ ؕ

(توبہ ۹:۱۰۳)

مسلمانوں کے مال میں سے زکوٰۃ وصول کیجیے، اس طرح آپ انہیں پاک و پاکیزہ بنا دیں گے اور ان کے لیے دعا کیجیے کیونکہ آپ کی دعا ان کے سکون واطمینان کا

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



باعث ہے۔

اس آیت میں لفظ صَلِّ کا معنی 'دعا کرو' یا 'درود بھیجو' ہے۔ یہاں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ دعا کرنا جس کا حکم صیغہ امر کے ذریعہ دیا گیا ہے، واجب ہے یا نہیں؟ دوسرے لفظوں میں آیا امر یہاں پر وجوب کی دلالت کررہا ہے یا نہیں؟ دوسرے یہ کہ یہ حکم فوری ہے یا نہیں؟ یعنی آیا الٰہی ٹیکس (زکوٰۃ) لینے کے فوراً بعد دعا کرنا واجب ہے یا اگر کچھ تاخیر بھی ہوجائے تو کوئی حرج نہیں ہے، تیسرے یہ کہ آیا ایک مرتبہ ہی دعا کردینا کافی ہے یا بار بار دعا کرنا ضروری ہے؟

اصولیوں نے ان تمام سوالات کے بارے میں تفصیل سے بحث کی ہے لیکن ہم یہاں اس سے زیادہ بحث نہیں کرسکتے۔ جو لوگ فقہ واصول میں مہارت حاصل کرنا چاہتے ہیں وہ اس کے مزید تفصیلات سے واقف ہوجائیں گے۔

## بحث نواہی

نہی، امر کے مقابلہ میں ہے اور اس کا مطلب کسی چیز سے روکنا ہے، مثلاً اگر اردو میں کہیں ''شراب نہ پیو'' یا عربی میں کہیں "لا تشرب الخمر" تو یہ نہی ہے۔ نہی کے متعلق بھی یہ سوالات پیدا ہوتے ہیں کہ نہی حرمت پر دلالت کرتی ہے یا کراہت پر یا نہ حرمت پر نہ کراہت پر بلکہ وہ صرف اتنا بتاتی ہے کہ مورد نظر شے ناپسند ہے، اب رہی یہ بات کہ ناپسندیدگی حرمت کی حد تک ہے کہ اس کا مرتکب سزاوعقوبت کا مستحق ہو یا کہ یہ صرف کراہت کی حد تک ہے، جس کا مرتکب سزاوعقوبت کا مستحق نہیں ہے۔ یہ چیزیں نہی کے مفہوم میں شامل نہیں ہیں۔ اسی



طرح آیا نہی ابدیت ودوام پر دلالت کرتی ہے یعنی کبھی بھی وہ فعل انجام نہیں دینا چاہیے یا یہ کہ صرف ممانعت کے لزوم پر دلالت کرتی ہے چاہے صرف ایک مختصر سی مدت ہی میں سہی۔

یہ وہ سوالات ہیں جن کا جواب علم اصول فراہم کرتا ہے۔

## بحث عام وخاص

ہم دیوانی وفوجداری قوانین میں دیکھتے ہیں کہ وہ ایک قانون عمومی اور کلی شکل میں بیان کرتے ہیں جو اس قانون کے موضوع کے تحت آنے والے تمام افراد کو شامل ہوتا ہے۔

لیکن بعد میں دوسرے مقام پر اسی موضوع کے تحت کچھ افراد کے بارے میں ایک ایسا حکم بیان کرتے ہیں جو اس کلی وعمومی قانون کے خلاف ہے۔

یہاں کیا کرنا چاہیے؟ آیا ان دونوں قوانین کو ایک دوسرے سے متصادم سمجھیں یا یہ کہ چونکہ ان دونوں میں سے ایک قانون دوسرے کی نسبت عام ہے اور دوسرا خاص ہے۔ لہٰذا اس خاص کو قانون عام کے لیے ایک استثنا قرار دیں اور انہیں آپس میں متصادم نہ سمجھیں؟

مثلاً قرآن مجید میں ہے:

وَالْمُطَلَّقٰتُ يَتَرَبَّصْنَ بِاَنْفُسِهِنَّ ثَلٰثَةَ قُرُوْٓءٍ ؕ

(البقرہ:۲۲۸)

جن عورتوں کو طلاق دی گئی ہو، وہ تین مرتبہ ایام ماہواری آنے تک اپنے آپ کو روکے رکھیں (اور شادی نہ کریں

www.ziaraat.com
Sabeel-e-Sakina
jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



یعنی عدہ رکھیں)۔

اب یہ فرض کریں کہ کسی معتبر حدیث میں آیا ہو کہ اگر کوئی عورت کسی مرد سے عقد کرلے اور ہم بستری سے پہلے ہی اسے طلاق مل جائے تو اس کے لیے عدہ رکھنا ضروری نہیں ہے۔

یہاں کیا کیا جائے؟ آیا اس حدیث کو قرآن سے متصادم سمجھیں اور نتیجہ میں آئمہ کے حکم کے مطابق اسے ردی کی ٹوکری میں ڈال دیں؟ یا نہیں، یہ حدیث درحقیقت اس آیت کی مفسر ہے اور اس کے بعض مصادیق میں استثناء کی حیثیت رکھتی ہے اور ان دونوں میں کسی قسم کا تصادم وتعارض نہیں پایا جاتا۔

یقیناً یہی دوسرا نظریہ صحیح ہے کیونکہ انسانوں کی گفتگو کا معمول یہی ہے کہ وہ پہلے ایک قانون کو کلی شکل میں بیان کرتے ہیں۔ اس کے بعد کا ذکر کرتے ہیں۔ قرآن نے بھی انسانوں کے درمیان رائج انداز گفتگو کے مطابق انسان کو مورد خطاب قرار دیا ہے۔ اور دوسری طرف سے خود قرآن نے پیغمبرؐ کی حدیث کو معتبر جانا ہے، چنانچہ ارشاد ہوتا ہے:

مَآ اٰتٰىكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ ۚ وَمَا نَهٰىكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا ۚ (حشر:۷)

یعنی پیغمبرؐ جو کچھ تمہیں دیں لے لو اور جس چیز سے تمہیں منع کریں اس سے دور رہو۔

لہٰذا اس قسم کے مقامات پر خاص کو عام کے لیے استثناء سمجھیں گے اور کہیں گے کہ عام کو خاص کے ذریعہ تخصیص دیتے ہیں، عام کے لیے



"مخصص" ہے۔

## مطلق ومقید

مطلق و مقید بھی عام و خاص ہی جیسا ہے۔ فرق بس اتنا ہے کہ عام و خاص افراد کے سلسلہ میں ہے اور مطلق و مقید، حالات و صفات کے بارے میں ہے۔ عام و خاص وہاں ہے جہاں کلی کے بہت سے افراد ہوں اور بعض اوقات لا متناہی ہوں اور اس کے بعض افراد کسی خاص دلیل کے ذریعہ اس عموم سے خارج کردیئے جائیں، لیکن مطلق و مقید کا تعلق فریضہ و تکلیف کی ماہیت سے ہے اور مکلف اس ماہیت کو وجود میں لانے کا پابند ہے۔

جس ماہیت کو ایجاد کرنے کا حکم دیا گیا ہے اگر اس میں کوئی کاص قید نہ ہو تو وہ مطلق ہے اور اگر اس میں کوئی مخصوص قید لگی ہو تو وہ مقید ہے۔

مثلاً وہی مثال جو پہلے ذکر ہوچکی ہے اس میں پیغمبر اسلامؐ کو حکم دیا گیا ہے کہ مسلمانوں سے زکوٰۃ لیتے وقت ان کے لیے دعا کریں (صل علیھم) یہ حکم اس لحاظ سے کہ مثلاً یہ دعا بلند آواز سے کی جائے یا آہستہ سے مجمع میں کی جائے یا خود زکوٰۃ دینے والے کی موجودگی ہی کافی ہے۔ مطلق ہے۔

اب اگر قرآن یا معتبر حدیث کی کوئی دلیل موجود نہ ہو جو مذکورہ بالا قیود کو بیان کرتی ہو تو وصل علیھم کے اطلاق پر عمل کریں گے، یعنی ہمیں یہ اختیار ہے کہ جس طرح چاہیں انجام دیں۔ لیکن اگر کوئی معتبر دلیل مل جائے جو یہ کہے کہ مثلاً یہ عمل آواز بلند انجام دیا جانا چاہیے یا سب کے سامنے یا مسجد میں دعا ہونی چاہیے تو ہم یہاں اس مطلق کو مقید کردیں گے یعنی اس دلیل کو صل علیھم کے لیے مقید

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



قرار دیں گے۔اس عمل کا نام تقیید ہے۔

## مفاہیم

اصطلاح میں لفظ ''مفہوم'' ''منطوق'' کے مقابلہ میں ہے۔فرض کیجیے ایک شخص کہتا ہے: اگر میرے ساتھ میرے گھر آیئے گا تو میں آپ کو فلاں کتاب دوں گا۔'' یہ جملہ درحقیقت ایک جملہ کے بجائے دو جملہ ہے:

الف۔اگر میرے ساتھ میرے گھر آیئے گا تو میں وہ کتاب دوں گا۔

ب۔اگر میرے ساتھ میرے گھر نہ آیئے گا تو وہ کتاب نہیں دوں گا۔

پس اس جملے میں دو رابطے پائے جاتے ہیں، مثبت اور منفی۔ساتھ آنے اور کتاب دینے کے درمیان مثبت رابطہ خود جملہ میں موجود ہے اور متکلم نے اس کا تلفظ ونطق کیا ہے۔اسی لیے اسے منطوق کہتے ہیں لیکن منفی رابطہ نطق ولفظ کی صورت میں موجود نہیں ہے بلکہ عرف اس جملہ سے یہ مفہوم سمجھتی ہے، اسی لیے اسے مفہوم کہتے ہیں۔

ہم خبر واحد کی حجیت کی بحث میں پڑھ چکے ہیں کہ اصولیوں نے آیت ''نباء'' سے جو یہ کہتی ہے اِنۡ جَآءَكُمۡ فَاسِقٌۢ بِنَبَاٍ فَتَبَيَّنُوۡۤا (۴۹:۶) (اگر کوئی فاسق تمہیں کوئی خبر دے تو اس کے بارے میں تحقیق کرو، تحقیق کیے بغیر اس پر عمل نہ کرو)۔راوی کے عادل ہونے کی صورت میں خبر واحد کی حجیت کو ثابت کیا ہے۔اور یہ کام آیت شریفہ کے مفہوم سے انجام پایا ہے۔آیت کا منطوق یہ ہے کہ فاسق کی خبر نہ مانو لیکن اس کا مفہوم یہ ہے کہ عادل کی خبر مان لو۔



## مجمل ومبین

مجمل ومبین کی بحث کوئی خاص اہمیت نہیں رکھتی۔مقصد یہ ہے کہ شارع کی زبان میں بعض اوقات کچھ ایسی تعبیریں ملتی ہیں جن کا مفہوم اور مقصود غیر واضح ہے جیسے ''غنا'' کا مفہوم، لیکن دوسری دلیل میں کچھ ایسی چیزیں ہیں جو اس کے مفہوم کو واضح کرتی ہیں چنانچہ اس کے ''مبین'' کے ''مجمل'' کا ابہام برطرف کیا جا سکتا ہے۔

عام طور سے اہل ادب، پیشوایا ان ادب کے کلام میں بعض مجمل تعبیروں سے دوچار ہوتے ہیں اور اس کا مفہوم سمجھنے سے عاجز ہوتے ہیں لیکن بعد میں واضح قرائن فراہم کر کے ابہام کو دور کرتے ہیں۔

## ناسخ ومنسوخ

قرآن میں کچھ ایسے احکام بھی ہیں جو وقتی وعارضی تھے یعنی کچھ دنوں بعد دوسرا حکم آگیا جس نے پہلے حکم کو لغو کر دیا۔

مثلاً قرآن کریم میں ہے کہ اگر شوہردار عورتیں زنا کرتی ہیں تو انہیں گھر میں قید کر دیا جائے یہاں تک کہ انہیں موت آجائے یا خدا ان کے لیے کوئی راستہ مقرر کرے۔بعد میں ان کے لیے یہ راستہ مقرر ہوا کہ حکم آیا: اگر شادی شدہ مرد یا عورتیں زنا کی مرتکب ہوں تو انہیں سنگسار (رجم) کر دیا جائے۔

یا مثلاً پہلے یہ حکم تھا کہ ماہ رمضان میں حتیٰ رات میں بھی لوگ اپنی بیویوں سے ہم بستری نہ کریں لیکن بعد میں یہ حکم لغو ہو گیا اور افطار کے بعد ہم

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



بستری کی اجازت مل گئی۔

ایک فقیہ کے لیے ضروری ہے کہ وہ ناسخ ومنسوخ کو پہچانے اور انہیں ایک دوسرے سے جدا کرے۔ نسخ کے سلسلہ میں بہت سے مسائل ہیں جنہیں اصولیوں نے بیان کیا ہے۔



# سبق نمبر ۶

## اجماع وعقل

فقہ کا ایک ماخذ اجماع ہے، علم اصول میں اجماع کی حجیت، اس کی دلیلوں اور اس سے استفادہ کے طریقوں کے بارے میں بحث ہوئی ہے۔

اجماع سے متعلق ایک بحث یہ ہے کہ اس کی حجیت کی دلیل کیا ہے؟ اہل سنت کا دعویٰ ہے کہ پیغمبر اکرمؐ نے فرمایا ہے: لا تجتمع امتی علی خطاء یعنی میری پوری امت کسی غلط و باطل امر پر متفق نہیں ہوسکتی۔ پس اگر ساری امت کسی ایک مسئلہ پر متفق ہوجائے تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ وہ بات صحیح ہے۔

اس حدیث کے مطابق امت کا مجموعہ خود پیغمبرؐ کی حیثیت رکھتا ہے اور غلطی سے معصوم ہے ساری امت کا قول، پیغمبر کے قول کا درجہ رکھتا ہے۔ اتفاق نظر کی صورت میں امت کا مجموعہ معصوم ہے۔

اہل سنت کے نقطۂ نظر سے چونکہ امت کا مجموعہ معصوم ہے لہٰذا جب کبھی اس قسم کا اتفاق نظر ہوجائے تو یہ ایسے ہی ہے جیسے پیغمبر اسلامؐ پر وحی الٰہی نازل ہوئی ہو۔

لیکن شیعہ، اولاً رسول اکرمؐ کی اس حدیث کو مسلم نہیں مانتے۔ ثانیاً وہ کہتے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



ہیں: یہ صحیح ہے کہ تمام امت کا ضلالت وگمراہی پر مجتمع ہوجانا محال ہے لیکن اس کا سبب یہ ہے کہ ہمیشہ ایک معصوم فرد امت کے درمیان موجود ہے۔ امت کا مجموعہ اگر خطا سے معصوم ہے تو اس کی وجہ یہ ہے کہ امت کی ایک فرد معصوم ہے۔ نہ یہ کہ ''غیر معصوموں'' کے اجتماع سے ایک ''معصوم'' بن جائے گا۔ ثالثاً شاید بطور عادت بھی یہ ممکن نہ ہو کہ ساری امت متفق علیہ طور پر غلطی میں ہو، لیکن فقہ یا کلام کی کتابوں میں جس چیز کو اجماع کے نام سے یاد کیا جاتا ہے وہ امت کا اجماع نہیں ہے بلکہ صرف ایک خاص گروہ کا اجماع ہے البتہ وہ گروہ، اہل حل وعقد یعنی امت کے علماء کا گروہ ہے۔ وہ بھی امت کے تمام علماء کا اتفاق نہیں ہے بلکہ امت کے ایک فرقہ کے علماء کا اتفاق نظر ہے۔

یہی وجہ ہے کہ شیعہ، اجماع کو اتنی اہمیت نہیں دیتے جتنی اہل سنت دیتے ہیں۔ شیعہ، اجماع کو صرف اسی حد تک معتبر جانتے ہیں جہاں تک وہ حدیث کا انکشاف کرے۔

شیعہ نقطۂ نظر سے جب کبھی کسی مسئلہ میں کوئی دلیل موجود نہ ہو لیکن ہمیں یہ معلوم ہو کہ پیغمبرؐ یا آئمہؑ کے وہ تمام یا بہت سے صحابہ جو صرف پیغمبرؐ و امامؑ ہی کے حکم پر عمل کرتے تھے انہوں نے ایک مخصوص طریقہ سے عمل کیا ہے تو اس سے ہم پر یہ منکشف ہوگا کہ اس مسئلہ کے بارے میں پیغمبرؐ یا امامؑ کا کوئی حکم موجود تھا جو ہم تک نہیں پہنچ سکا ہے (لیکن وہ اصحاب اس سے واقف تھے اور اسی حکم کی بنیاد پر انہوں نے عمل کیا ہے)۔

## اجماع محصل اور اجماع منقول

اجماع، چاہے وہ اس شکل میں ہو جیسے اہل سنت نے مانا ہے یا جسے شیعوں



نے قبول کیا ہے۔ دو قسموں کا ہے: یا محصل ہے یا منقول، اجماع محصل سے مراد وہ اجماع ہے جسے خود مجتہد نے رسول خداؐ یا آئمہؑ کے اصحاب یا عصر آئمہؑ سے نزدیک لوگوں کے عقائد ونظریات کی تاریخ کی چھان بین کر کے براہ راست حاصل کیا ہو۔

اجماع منقول سے مراد وہ اجماع ہے جس سے مجتہد براہ راست باخبر نہ ہو بلکہ دوسروں نے خبر دی ہو کہ یہ مسئلہ، اجماعی ہے۔ اجماع محصل یقیناً حجت ہے لیکن اجماع منقول کے نقل ہونے سے اگر یقین حاصل نہ ہو تو وہ لائق اعتماد نہیں ہے۔ اسی بنا پر خبر واحد کے ذریعہ نقل ہونے والا اجماع منقول حجت نہیں ہے۔ اگرچہ خبر واحد کے ذریعہ نقل ہونے والی سنت (حدیث) حجت ہے۔

## عقل

احکام کے چار مآخذ میں سے ایک عقل ہے۔ مقصد یہ ہے کہ ہم بعض اوقات کوئی شرعی حکم عقلی دلیل کے ذریعہ کشف کرتے ہیں یعنی عقلی استدلال و برھان کے ذریعہ ہم یہ انکشاف کرتے ہیں کہ فلاں مورد میں فلاں وجوبی یا تحریمی حکم موجود ہے یا فلاں حکم کیسا ہے اور کیسا نہیں ہے۔

عقل کی حجیت خود عقل کے حکم سے بھی ثابت ہے (آفتاب آمد دلیل آفتاب) اور شریعت بھی اس کی تصدیق کرتی ہے۔ بنیادی طور پر ہم شرع اور اصول دین کی حقانیت عقلی حکم کے ذریعہ ہی ثابت کرتے ہیں۔ پھر یہ کیسے ممکن ہے کہ شرعی نقطہ سے ہم عقل کو حجت نہ مانیں۔

اصولیوں نے ''حجیت قطع'' یعنی یقینی علم کی حجیت کے نام سے ایک فصل قائم کی ہے جس میں انہوں نے اس سلسلہ میں تفصیل سے بحث کی ہے۔ اخباری

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



حضرات، عقل کی حجیت کے منکر ہیں لیکن ان کی باتیں کوئی اہمیت نہیں رکھتیں۔

عقل سے مربوط، اصولی مسائل دو قسم کے ہیں: ایک قسم، احکام کے معیار و بنیاد یا دوسرے لفظوں میں "فلسفہ احکام" سے تعلق رکھتی ہے اور دوسری قسم کا تعلق احکام کے لوازم سے ہے۔

پہلی قسم کی توضیح یہ ہے کہ: ایک اسلامی مسلمہ خاص طور سے ہم شیعوں کے نقطۂ نظر سے یہ ہے کہ شرعی احکام، کچھ واقعی صالح و مفاسد کے تابع ہیں یعنی شرعی حکم کا سبب و علت ایک ایسی مصلحت ہے جس کا حاصل کرنا ضروری ہے اور ہر شرعی نہی کا باعث ایک ایسا فساد ہے جس سے اجتناب واجب ہے۔

خداوند عالم نے انسان کو بعض واقعی مصلحتوں سے ہمکنار کرنے کے لیے جن میں اس کی فلاح و بہبود پوشیدہ ہے کچھ امور کو واجب و مستحب قرار دیا ہے اور بشر کو کچھ برائیوں اور فساد سے دور رکھنے کے لیے بعض کاموں سے روکا ہے۔ اگر وہ فساد اور مصلحتیں نہ ہوتیں تو کوئی امر ہوتا اور نہ کوئی نہی۔ اور یہ مفاسد و مصالح یا دوسرے لفظوں میں یہ حکمتیں کچھ اس طرح کی ہیں کہ اگر انسان کی عقل ان کا پتہ لگالے تو وہی حکم کرے جو شرع نے کیا ہے۔

یہی وجہ ہے "اصولی علماء اور اسی طرح متکلمین کہتے ہیں کہ چونکہ شرعی احکام حکمتوں، مصلحتوں اور فسادوں کے تابع ہیں، چاہے ان مصالح و مفاسد کا تعلق جسم سے ہو یا روح سے فرد سے ہو معاشرہ سے، حیات فانی سے ہو یا حیات جاوید سے۔ پس جہاں کہیں بھی وہ حکمتیں موجود ہوں اس کے متناسب شرعی حکم بھی موجود ہوگا اور جہاں کہیں وہ حکمتیں موجود نہ ہوں گی شرعی حکم بھی موجود نہ ہوگا۔



اب اگر یہ فرض کریں کہ کسی خاص مورد میں شرعی حکم نقل (قرآن و حدیث) کے ذریعہ ہم تک نہ پہنچا ہو لیکن اگر عقل پورے یقین و اطمینان کے ساتھ کسی خاص حکمت کا پتہ لگا لے تو حکم شارع کا بھی انکشاف کر لیتی ہے۔ درحقیقت عقل اس مقام پر اس طرح منطقی صغریٰ و کبریٰ تشکیل دیتی ہے:

۱۔ فلاں مورد میں فلاں واجب الحصول مصلحت موجود ہے۔ (صغریٰ)

۲۔ جہاں کہیں واجب الحصول مصلحت موجود ہو یقیناً شارع اس سے لاپرواہی نہیں برت کتا ہے بلکہ اس کے حصول کا حکم دے گا۔ (کبریٰ)

۳۔ پس اس مورد میں حکم شرع یہ ہے کہ اسے ضرور بجالایا جائے۔

مثلاً شارع کے زمانہ میں افیون اور اس کی لت کا وجود نہ تھا اور افیون کے بارے میں نقلی (قرآن و حدیث پر مبنی) دلیلوں میں ہمیں کوئی مخصوص دلیل نظر نہیں آتی لیکن حسی و تجربی دلیلوں سے افیون کی لت کے نقصانات و مفاسد معلوم ہو چکے ہیں پس ہمیں یہاں اپنی عقل و علم کے ذریعہ افیون کے سلسلہ میں ایک معیار یعنی واجب الاجتناب فساد ہاتھ آ گیا ہے، چونکہ ہم یہ جانتے ہیں کہ جو چیز انسان کے لیے مضر و نقصان دہ ہو شرعی نقطۂ نظر سے حرام ہے، لہٰذا حکم کریں گے کہ افیون کی لت حرام ہے۔

اگر یہ ثابت ہو جائے کہ سگریٹ کینسر کا مرض پیدا کرتا ہے تو ایک مجتہد حکم عقل کی بنیاد پر حکم کرے گا کہ سگریٹ شرعاً حرام ہے۔

متکلمین و اصولیین، عقل و شرح کے تلازم کو "قاعدہ ملازمہ" کے نام سے یاد کرتے ہوئے کہتے ہیں: **کل ماحکم به العقل حکم به الشرع** یعنی جو

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



حکم عقل دے گی وہی حکم شرع بھی دے گی۔

لیکن یہ اس صورت میں ہے جب عقل کسی لازم العمل مصلحت یا واجب الاجتناب فساد کا پورے یقین کے ساتھ پتہ لگا لے اور شک وشبہ کے بغیر یقینی طور پر واقعی معیار و بنیاد حاصل کر لے ورنہ صرف ظن وگمان، اندازہ وتخمینہ کی بنیاد پر اسے حکمِ عقل نہیں کہا جاسکتا۔ قیاس اسی لیے باطل ہے کہ وہ ظنی وخیالی ہے نہ کہ عقلی و یقینی۔ جب ہم یقینی معیار و''مناط'' حاصل کر لیتے ہیں تو اس کا نام ''تنقیح مناط'' رکھتے ہیں۔

اسی کے برعکس جب عقل احکام کا معیار ومناط حاصل نہیں کر پاتی لیکن یہ دیکھتی ہے کہ شارع نے اس سلسلہ میں ایک حکم دیا ہے تو وہ حکم کرتی ہے کہ یقیناً یہاں کوئی مصلحت موجود ہے ورنہ شارع اس کا حکم نہ دیتے۔ پس عقل جس طرح سے واقعی مصلحتوں کے انکشاف سے شروع حکم کشف کرتی ہے اس طرح شرعی حکم کے انکشاف سے واقع مصلحتوں کے وجود کا پتہ لگاتی ہے۔

لہٰذا جس طرح کہتے ہیں: كل ما حكم به العقل حكم به الشرع. یہ بھی کہتے ہیں: کل ما حکم به الشرع حکم به العقل

اب رہی دوسری قسم، یعنی احکام کے لوازم، ہر ذی شعور وعقلمند حاکم کا ہر حکم فطری طور پر کچھ لوازم کا حامل ہوتا ہے جس کے بارے میں عقل کو فیصلہ کرنا چاہیے کہ آیا فلاں حکم کا لازمہ فلاں حکم ہے یا نہیں، یا فلاں حکم کا لازمہ فلاں حکم کی نفی ہے یا نہیں؟

مثلاً اگر کسی چیز کا حکم دیا جائے۔ جیسے حج، اور حج کے کچھ مقدمات



ہیں جیسے پاسپورٹ بنوانا، ٹکٹ لینا اور شاید پیسہ تبدیل کروانا وغیرہ تو کیا حج کے حکم کا لازمہ ان مقدمات کا بھی حکم ہے یا نہیں؟ دوسرے لفظوں میں آیا کسی چیز کے واجب ہونے کا لازمہ اس کے مقدمات کا بھی واجب ہونا ہے؟

محرمات کی صورت حال کیا ہے؟ کیا کسی چیز کے حرام ہونے کا لازمہ اس کے مقدمات کی حرمت بھی ہے؟

ایک دوسرا مسئلہ۔ اگر دو ایسے واجب ہوں جنہیں ایک ہی وقت میں بجالانا ممکن نہ ہو بلکہ ان میں سے کسی ایک کے انتخاب پر مجبور ہوں تو ایسی صورت میں اگر ان میں سے کوئی ایک اہم ہو تو یقیناً اسی اہم کو انتخاب کریں گے۔

اب یہاں ایک سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ جب ہمارا فریضہ ''اہم'' کو بجالانا ہے تو کیا یہ ''غیر اہم'' کے وجوب کے بالکل ساقط ہوجانے کا باعث ہوگا؟ یا یہ کہ ''غیر اہم'' کا وجوب اس وقت ساقط ہوگا جب ہم عملی طور پر ''اہم'' کی بجا آوری میں مشغول ہوجائیں؟ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ اگر ہم نہ ''اہم'' بجالائیں اور نہ ''غیر اہم'' بلکہ دونوں سے دست بردار ہو کر سو رہیں تو کیا ہم صرف ایک گناہ کے مرتکب ہوئے ہیں اور وہ اہم واجب کی نافرمانی ہے لیکن ''غیر اہم'' واجب کا ترک گناہ نہیں ہے کیونکہ اس کا وجوب ساقط ہو چکا ہے، یا ہم دو گناہ کے مرتکب ہوئے ہیں کیونکہ ''غیر اہم'' کا وجوب تو اس وقت ساقط ہوگا جب ہم ''اہم'' واجب کی بجا آوری میں عملی طور پر مشکول ہوجائیں، اب جبکہ دونوں کو چھوڑ کر سو گئے ہیں تو دو گناہ کے مرتکب ہوئے ہیں؟

مثلاً دو شخص ڈوبنے کے قریب ہیں، ہمارے لیے دونوں کو بچانا ممکن نہیں

www.ziaraat.com jabir.abbas@yahoo.com sabeel-e-sakina

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



ہے،صرف ایک ہی کو بچا سکتے ہیں۔ ان میں سے ایک متقی، پرہیز گار اور خدا کے بندوں کا خدمت گزار ہے اور دوسرا فاسق وموذی ہے لیکن بہرحال اس کی جان بھی محترم ہے۔

فطری سی بات ہے ہم اس مومن، پرہیز گار اور خدمت گزار کو ترجیح دیں گے جس کا وجود خلق خدا کے لیے مفید ہے یعنی اس کی نجات ''اہم'' اور دوسرے کو بچانا ''غیر اہم'' ہے۔

اب اگر ہم نے نافرمانی کرتے ہوئے لاپرواہی برتی اور وہ دونوں ڈوب گئے تو کیا ہم دو گناہ کے مرتکب ہوئے ہیں اور دو آدمیوں کے خون میں شریک ہیں یا صرف ایک گناہ کے مرتکب ہوئے ہیں۔ یعنی صرف اس مومن شخص کی موت کے ذمہ دار ہیں اور اس دوسرے کی ہلاکت میں ہماری کوئی تقصیر نہیں؟

دوسرا مسئلہ یہ ہے کہ کیا یہ ممکن ہے کہ ایک ہی کام دو مختلف جہتوں سے واجب بھی ہو اور حرام بھی؟ البتہ یہ ناممکن ہے کہ ایک یہ کام ایک ہی جہت سے واجب بھی ہو اور حرام بھی مثلاً یہ ناممکن ہے کہ دوسروں کے مال میں ان کی اجازت کے بغیر تصرف اس حیثیت سے کہ وہ دوسروں کے مال میں تصرف ہے واجب بھی ہو اور حرام بھی۔ لیکن اگر حیثیتوں میں فرق ہو تو اس وقت کیا حکم ہے؟ مثلاً غصبی زمین پر نماز کی بجا آوری، (اس سے قطع نظر کہ شارع نے نماز کے لیے زمین کا مباح ہونا شرط قرار دیا ہے) ایک جہت سے دوسرے کے مال میں تصرف ہے کیونکہ دوسرے کی زمین میں نقل وحرکت بلکہ دوسرے کی زمین پر قیام کرنا بھی اس کے مال میں تصرف ہے۔ دوسری جہت سے مخصوص شکل میں اعمال کی بجا آوری نماز کا عنوان



اختیار کر لیتی ہے۔ آیا یہ ممکن ہے کہ یہ عمل اس جہت سے کہ نماز ہے واجب ہو اور اس جہت سے کہ غیر کے مال میں تصرف ہے حرام ہو؟

یہ عقل ہی ہے جو ان چاروں مسئلوں میں سے نہایت دقیق حساب و کتاب کے ذریعہ واقعی فریضہ کو واضح کر سکتی ہے۔ اصولیوں نے ان چاروں مسائل کے بارے میں بڑی عمیق بحث کی ہے۔

ان چار مسئلوں میں سے پہلا مسئلہ مقدمۂ واجب، دوسرا مسئلہ امر بالشی مقتضی نہی عن الضد، تیسرا مسئلہ ترتب اور چوتھا مسئلہ اجتماع امر و نہی کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔

چوتھے درس سے جو باتیں اب تک بیان ہوئیں ان سے یہ معلوم ہو گیا کہ علم اصول کے مسائل مجموعی طور پر دو قسم کے ہیں۔ ایک حصہ ''استنباطی اصول'' اور دوسرا حصہ ''عملی اصول'' سے تعلق رکھتا ہے۔ استنباطی اصول کے حصہ کی بھی دو قسمیں ہیں، نقلی و عقلی۔ نقلی حصہ میں کتاب، سنت اور اجماع کی تمام بحثیں شامل ہیں لیکن عقلی حصہ صرف عقل سے تعلق رکھتا ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com
www.Ziaraat.com
Sabeel-e-Sakina

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



سبق نمبر ۷

# عملی اصول

ہم یہ بتا چکے ہیں کہ شرعی حکم کے استنباط کے لیے فقیہ، چار مصادر کی طرف رجوع کرتا ہے۔ فقیہ اپنی اس تحقیق میں کبھی کامیاب ہوجاتا ہے اور کبھی کامیاب نہیں ہوتا، یعنی کبھی (البتہ غالباً) یقین یا معتبر ظن (یعنی جس ظن کو شارع نے معتبر قرار دیا ہے) کی شکل میں شریعت کے واقعی حکم تک پہنچ جاتا ہے اور اس کو فریضہ معلوم ہوجاتا ہے یعنی اسے یقین ہوجاتا ہے یا معتبر ظن حاصل ہوجاتا ہے کہ شارع اس سے کیا چاہتے ہیں لیکن بعض اوقات وہ مایوس و ناکام ہوجاتا ہے یعنی خدا کے حکم اور اپنے فریضہ کو کشف نہیں کر پاتا۔ حیران و سرگرداں رہ جاتا ہے۔ ایسے میں اسے کیا کرنا چاہیے؟ آیا عقل یا شریعت یا دونوں نے ایسے مقام پر اس کے لیے کوئی فریضہ معین کیا ہے یا نہیں؟ اگر معین کیا ہے تو وہ کیا ہے؟

جواب یہ ہے کہ ہاں شارع نے ایک فریضہ معین کیا ہے۔ یعنی ایسے حالات کے لیے اس نے کچھ اصول وضوابط معین کیے ہیں۔ بعض جگہوں پر عقل بھی حکمِ شریعت کی تائید کرتی ہے۔ یعنی عقل کا مستقل حکم بھی بعینہٖ وہی ہے جو شریعت کا حکم ہے اور کچھ دوسرے مقامات پر عقل کم از کم خاموش ہے یعنی اس کا اپنا کوئی



مستقل حکم نہیں ہے بلکہ وہ شریعت کے تابع ہے۔

علم اصول، استنباطی اصول کے شعبہ میں ہمیں واقعی احکام کے صحیح استنباط کا طریقہ سکھاتا ہے اور ”عملی اصول“ کے شعبہ میں ان اصول وضوابط سے استفادہ اور ان کے صحیح نفاذ کی روش سکھاتا ہے جو ان حالات کے لیے وضع ہوئے ہیں۔

## چار عملی اصول

کلی عملی اصول جو فقہ کے تمام ابواب میں استعمال ہوتے ہیں چار ہیں:

۱۔ برائت

۲۔ احتیاط

۳۔ تخییر

۴۔ استصحاب

ان چار اصولوں میں ہر ایک کے استعمال کا ایک خاص موقع ہے جن کی پہچان ضروری ہے۔ لیکن پہلے ہم ان چار اصولوں کی تعریف پیش کرتے ہیں۔

اصل برائت: یعنی اصل یہ ہے کہ ہم بری الذمہ ہیں اور ہمارا کوئی فرض نہیں ہے۔

اصل احتیاط: یعنی اصل یہ ہے کہ ہم احتیاط کے مطابق اس طرح عمل کریں کہ اگر واقع اور ”نفس الامر“ میں ہمارا کوئی فریضہ رہا ہو تو ہم نے اسے انجام دے لیا ہو۔

اصل تخییر: یعنی اصل یہ ہے کہ ہمیں اختیار ہے کہ دو امور میں سے جسے چاہیں انتخاب کر لیں۔

www.ziaraat.com
jabir.abbas@yahoo.com
Sabeel-e-Sakina
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



اصل استصحاب: یعنی اصل یہ ہے کہ جو کچھ تھا اپنی پہلی حالت پر باقی ہے اوراس کے برخلاف کوئی چیز رونما نہیں ہوئی ہے۔

اب یہ دیکھنا ہے کہ کہاں اصل برائت جاری کی جاسکتی ہے اور کہاں کہاں اصل احتیاط اصل تخییر یا اصل استصحاب جاری کی جاسکتی ہے۔ ان میں سے ہر ایک کا ایک مخصوص محل و مقام ہے اور علم اصول ہمیں ان مخصوص مقامات سے آشنا کراتا ہے۔

اصولی کہتے ہیں: اگر ہم شرعی حکم استنباط نہ کرسکے اور اپنے فریضہ کے تشخیص سے عاجز رہ گئے اور شک وتردد کی حالت میں مبتلا ہوئے تو ایسی صورت میں ہمارا یہ شک یا تو اجمالی علم کے ہمراہ ہے یا نہیں۔ مثلاً ہمیں شک ہے کہ امامؑ کی غیبت کے زمانہ میں جمعہ کے دن نماز جمعہ واجب ہے یا نماز ظہر؟ پس ہمیں نماز جمعہ کے وجوب میں بھی شک ہے اور نماز ظہر کے وجوب میں بھی، لیکن اتنا اجمالی علم بھی ہے کہ ان دو میں سے ایک، یقیناً واجب ہے۔ لیکن کبھی شک اس طرح کا ہوتا ہے کہ عصر غیبت میں نماز عید فطر واجب ہے یا نہیں؟ یہاں ہمارا شک ''بدوی شک'' ہے۔ اجمالی علم کے اطراف میں شک نہیں ہے۔

پس اپنے فریضہ میں شک یا اجمالی علم کے ہمراہ ہے یا بدوی شک ہے۔

اجمالی علم کے ہمراہ ہونے کی صورت میں یا وہ ممکن الاحتیاط ہوگا یعنی دونوں کو انجام دینا ممکن ہوگا یا احتیاط کا امکان نہ ہوگا۔ اگر احتیاط ممکن ہو تو احتیاط کرتے ہوئے دونوں کو بجالانا چاہیے۔ یعنی یہاں اصل احتیاط کا مقام ہے اور اگر احتیاط ممکن نہ کیونکہ امر دو محذوروں یعنی وجوب وحرمت کے درمیان دائر ہے ایک معین امر کے



بارے میں نہیں معلوم کہ وہ واجب ہے یا حرام۔ مثلاً ہم نہیں جانتے امامؑ کی غیبت کے زمانہ میں بعض فرائض کی بجاآوری امامؑ کا خاصہ ہے اور ہمارے لیے ان کی بجاآوری حرام ہے یا امامؑ سے مخصوص نہیں ہے ہم پر بھی واجب ہے۔ ظاہر ہے کہ ایسے مقام پر احتیاط کا راستہ بند ہے۔ پس یہ اصل تخییر کا مقام ہے اور ہمارا شک بدوی شک ہوا اجمالی علم کے ہمراہ نہ ہو۔ اس صورت میں یا تو اس کی گزشتہ حالت معلوم ہوگی اور شک اس حالت کے باقی رہنے میں ہوگا۔ اور یا اس کی گزشتہ حالت بھی معلوم نہ ہوگی۔ اگر گزشتہ حالت معلوم ہے تو یہاں اصل استصحاب جاری کیا جائے گا اور اگر گزشتہ حالت معلوم نہ ہو تو اصل برائت جاری ہوگی۔

ایک مجتہد میں مشق وممارست کے زیر اثر، ان چار اصولوں کے اجراء کے محل و مقام کی تشخیص کی صلاحیت وتوانائی بدرجۂ اتم موجود ہونی چاہیے ورنہ وہ خطاولغزش کا شکار ہوجائے گا کیونکہ بعض اوقات محل و مقام کی تشخیص کے لیے بہت زیادہ چھان بین کی ضرورت ہوتی ہے۔

ان چار اصولوں میں سے اصل استصحاب، خالص شرعی ہے یعنی اس کے بارے میں عقل کوئی مستقل حکم نہیں رکھتی بلکہ وہ تابع شریعت ہے۔ بقیہ تین اصلیں عقلی ہیں جن کی شریعت نے بھی تائید کی ہے۔

استصحاب کی دلیلیں کچھ معتبر حدیثیں ہیں جو ان لفظوں میں بیان ہوئی ہیں: لا تنقض الیقین بالشك یعنی اپنے یقین کو شک کے ذریعہ نقض نہ کرو۔ خود حدیث کے متن اور اس کے سیاق وسباق سے اچھی طرح واضح ہوجاتا ہے کہ اس حدیث سے وہی مراد ہے جسے اصولی فقہاء استصحاب کہتے ہیں۔ اصل برائت کے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



سلسلہ میں بھی بہت سی حدیثیں وارد ہوئی ہیں جن میں مشہور ترین حدیث ''حدیث رفع'' ہے۔

''حدیث رفع'' رسول اکرمؐ کی یہ مشہور حدیث ہے کہ حضرت نے فرمایا:

رفع عن امتی تسعة: مالایعلمون، وما لایطیقون، وما استکرھوا علیه وما اضطروا الیه، والخطاء والنسیان والطیرة، والحسد، والوسوسة فی التفکر فی الخلق۔

نو چیزیں ہماری امت پر سے اٹھالی گئی ہیں: جو چیز وہ نہیں جانتے، جس کی ان میں طاقت نہیں، جس پر وہ مجبور کیے گئے ہوں، جس چیز کے لیے مضطر و مجبور ہوں، لہو، نسیان، بدشگونی، حسد، (جب تک عملی مرحلہ میں داخل نہ ہوا ہو۔ یا محسود واقع ہونا) امر تخلیق میں شیطانی وسوسے۔

اصولیوں نے اس حدیث اور اس کے ہر جملے کے بارے میں بڑی تفصیلی بحثیں کی ہیں۔ البتہ اس برائت کے لیے شاید وہی پہلا جملہ ہے جس میں حضرتؐ فرماتے ہیں جو چیز میری امت نہیں جانتی اور اس کا حکم ان تک نہیں پہنچا ہے اس سے وہ بری الذمہ ہے۔

یہ چار اصول شرعی احکام کے سمجھنے کے لیے صرف مجتہدوں ہی سے مخصوص نہیں ہیں۔ موضوعات میں بھی استعمال ہوتے ہیں اور مقلدین بھی مرحلہ عمل میں موضوعات میں شک کے وقت ان اصول سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔



فرض کیجیے ایک بچہ شیر خوارگی کے وقت ایک دوسری عورت سے چند مرتبہ دودھ پیتا ہے۔ بعد میں یہی بچہ بڑا ہو کر اس عورت کی لڑکی سے شادی کرنا چاہتا ہے۔ یہاں ایسے میں نہیں معلوم کہ آیا اس عورت کا اتنا دودھ پیا ہے کہ اس عورت اور اس کے شوہر کا رضاعی فرزند بن گیا ہے؟ یعنی اس نے پندرہ مرتبہ پے درپے، یا ایک دن اور ایک رات پے درپے یا اتنا دودھ پیا ہے کہ اسی دودھ سے اس کے بدن میں گوشت بنا ہے؟ یہاں اصل استصحاب کے جاری ہونے کا موقع ہے کیونکہ بچہ، اس عورت کا دودھ پینے سے پہلے اس کا رضاعی فرزند نہیں تھا، اب یہ شک ہو رہا ہے کہ یہ بچہ اس کا رضاعی فرزند ہوا یا نہیں؟ استصحاب کریں گے کہ وہ اپنی اسی پہلی حالت پر باقی ہے اور اس کا رضاعی نہیں ہوا ہے۔

اگر ہم باوضو تھے اور آنکھ جھپک گئی، اب شک کر رہے ہیں کہ کیا ہم واقعاً سو گئے تھے (اور اس طرح وضو ٹوٹ گیا)؟ تو وضو کے باقی رہنے کا استصحاب کریں گے۔ اگر ہمارا ہاتھ پاک تھا اور اس کے نجس ہونے کا شک ہو گیا تو اس کی طہارت کا استصحاب کریں گے۔ اور اگر پہلے نجس تھا بعد میں یہ شک کریں کہ اسے پاک کیا ہے یا نہیں تو یہاں اس کی نجاست کا استصحاب کریں گے۔

اگر کوئی سیال چیز ہمارے سامنے ہو اور شک کریں کہ اس میں الکحل ہے یا نہیں۔ (جیسے بعض دوائیں) تو اصل یہ ہے کہ ہم بری الذمہ ہیں، یعنی اس کے استعمال میں کوئی حرج نہیں۔ لیکن اگر دوا کی دو شیشیاں ہوں اور یہ یقین ہو کہ ایک میں الکحل موجود ہے یعنی ان میں سے ایک الکحل کی موجودگی کا، اجمالی علم ہو، تو یہ اصل احتیاط کا مقام ہے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas





فرض کریں کہ صحرا میں ایک ایسے دوراہے پر پہنچ جاتے ہیں جہاں رکنے یاان میں سے کسی ایک راستہ پر چل دینے کا لازمہ جان کا خطرہ ہے لیکن یہ بھی یقین ہے کہ ان میں سے ایک راستہ ایسا بھی ہے جو ہمیں نجات دلا سکتا ہے لیکن ہم نہیں جانتے کہ ان دو میں سے وہ کون سا راستہ ہے جو ہمیں نجات دلا سکتا ہے اور وہ کون سا راستہ ہے جو ہمارے لیے خطرناک ہے اور فرض یہ ہے کہ یہاں ٹھہرے رہنے میں بھی خطرہ ہے۔ایک طرف سے جان کا بچانا واجب ہے دوسری طرف سے جان کو خطرے میں ڈالنا حرام ہے۔پس ہمارا امر دو محذوروں کے درمیان دائر ہے اور ہمیں اختیار ہے کہ ان دو میں سے جسے چاہیں انجام دیں۔

❁❁❁❁❁

www.ziaraat.com
jabir.abbas@yahoo.com
Sabeel-e-Sakina

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas